ہاتھ سے مرقد میں کے کا رنمایاں کیا کیا

دیکھا پا جو تیرے لعل سے زیب کا رنگ
خوش ہوا ہے اقلیم بدخشاں کیا کیا

نہ سکندر کی ہے حشمت ہے نہ دارا کی شکوہ
ہمکو قسمت نے کیا بے سروساماں کیا کیا

اُس پری رو کا جو دیکھا ہے مجھے دیوانہ
تنگ لیتا ہے بغل میں مجھے زنداں کیا کیا

اپنا مشتاق عنادل کو جو سن پایا ہے
ناز کرتی ہے بہار گل خندان کیا کیا

بے سبب ہجر کے صدمے ہیں جھیلے اعظم
میری تقدیر میں ہتی رنج فراوان کیا کیا

چاندنی راتمیں یاد آتا ہی جب آن کیا کیا
داغ دیتا ہی جمال مہ تابان کیا کیا

رو دئے ہون اسقدر ہی بارش باران بلا
شیشے ہی دو کہین ہائی گریبان کیا کیا

وصل ہوویگا کسی پردہ نشین کا مجھکو
رات ہنستا تھا چراغ تہ دامان کیا کیا

اب تری چاہ میں ہی آبرو آب حیات
جوش کہاتا ہی پڑا چشمۂ حیوان کیا کیا

اوسکی قدرت سے ہی حسینان جہان ظاہر
لعل و گوہر کے بنے ہین لب و دندان کیا کیا

حال ہے کوئی صحرائے جنونکا پوچھے
ہمنے دیکھے ہین ان آنکھوں سے بیابان کیا کیا

جسم سے میرے اندھیری روح کو بہولا دم
قید سے چھوٹ کے ہی خواہش زندان کیا کیا

دل نشانہ جو تمہاری نگہ ناز کا تھا
میرے پہلو سے نکالی گئی پیکان کیا کیا

پھاڑ کر پھینک دیا ہی فصل جنون آنے سے پہلے
ورنہ پھر تنگ کریگا ہمیں گریبان کیا کیا

ہم بھی سائل ہیں ہاتھ ہی پہیلا سائل تیرا
ہیں تیرے لطف سے پہلے ہی سوداان کیا کیا

نہ تو زاہد ہی تیری راہ سے باہر ہی شیخ
آگئے تیرے طریقے میں مسلمان کیا کیا

چھپ کے پاس اوسکے گئی اونکو بلایا اعظم
ہمنے پردے میں کئے کار نمایان کیا کیا

خانہ زند آ کے دروازہ کا کھٹکا کھل گیا
حشر برپا ہو گیا یا بند سودا کھل گیا

آپکی نازک کمر کا صاف عقدا کھل گیا
ہیچ ہی معدوم ہی ایسے کمر کا کھل گیا

عالم وحشت مین ہمنی پہاڑ کر دستار کو
پاؤن کا چھالا جو باندہا داغ سودا کھل گیا

سب خوشی سی دے دیا اونکو عصائے معجزہ
جب شعیب باخدا کو حال موسیٰ کھل گیا

پستی ہمت نے کی اسباب عز تمکین کمی
ٹوپیان بنتی لگین سر سر سے شملا کھل گیا

ہمسی استغنا یہہ کہتی ہی کہ باندہا جائیگا
گر کسی کیے سامنے دست تمنا کھل گیا

دیکھکر فیض بہار باغ کی زرریزیان
گانٹھہ مین غنچہ کی بہی جو کچھ بندہا تہا کھل گیا

کس قدر تاثیر تہی میری زبان عجز مین
یہان دعا کی وان در عرش معلا کھل گیا

کیون نہو دے یوسف صدیق کو اوسکا لحاظ
جسکے اوپر ہفت خلوتکا بہی پردا کھل گیا

بے تکلف وصل اسما زمانہ مین نہین
جب کوئی محرم نظر آیا تو سینہ کھل گیا

جب ارادہ ہو چلے جاؤ تمہارا واسطے
ہو سنو دروازۂ فردوس کبکا کھل گیا

زلف کے سودے مین اعظم مہر فرما سے تیری آج
کیا بلا خوشبو ہی کس کافر کا جوڑا کھل گیا

لو ہوا سے محمل لیلیٰ کا پردا کھل گیا
شکر کے سجدے کری مجنون نصیبا کھل گیا

اہل دنیا کی حقیقت کوئی ہمسے پوچھئے
ہین وہ آئینہ ہون جسمین حال سبکا کھل گیا

بطن مادر سی نکلتی ہی بندہی روتی ہی
آتی ہی دنیا مین دنیا کا نتیجا کھل گیا

دہر فتنے ناگنین دوڑین دل مشتاق پر
زلف کیا کھولی سپید صبحکا بیاز کھل گیا

بولی زلف یار سے کی ہمسری بیفائدہ
عیب جتنے تہا عنبر سارا کا سارا کھل گیا

کوئی بھی پورا نہ اوترا امتحانِ عشق مین
جو کہ تھی ثابت قدم اونکا بھی عقدہ کھل گیا

زمزمہ سنجی تو کرتے ہین نوا سنجانِ باغ
بول سکنے کی نہین گر منہہ ہمارا کھل گیا

بندِ محرم کی گرہ پر تھا بہت اونکو غرور
جب ہوے گستاخ تیرے ہاتھ عقدہ کھل گیا

دل کی بیتابی نے ضبطِ آہ کی فرصت نہ دی
عشق نے رسوا کیا رازِ نہفتہ کھل گیا

حسنِ یوسف کا نظر آیا جو تجکو خواب مین
کیون زلیخا دیدۂ محوِ تماشا کھل گیا

منطقے تکرارِ اثبات و نفی مین رہ گئے
اوس دہن سے آگئی آواز عقدہ کھل گیا

بات بھی پوچھی نہ میری عالمِ تکلیف مین
مجکو یارون کا بہروسا تہا بہروسا کھل گیا

ٹکڑے ٹکڑے دیکھنے والونکے سینے ہوگئے
تو تمہاری جامہ زیبی کا بھی پردا کھل گیا

منزلِ مقصد کو جا پہنچے تو آسایش ملے
جب کمر کہلنے کا وقت آیا تو تسمہ کھل گیا

دل مین آئے خط سے جو تہا طولِ بیانِ اشتیاق
خط کے لکھنے کے لیے کاغذ کا دستہ کھل گیا

عشقِ گیسو مین دل ملول ہوا
اِس بلا کا کہان نزول ہوا

پاؤن تک گیسوے دراز آئے
میرے سودا کو اور طول ہوا

سیکڑون داغ آسمان نے دیے
اِس دنی سے بھی حصول ہوا

دل کا کوئی نہ مشتری ٹھہرا
میرا سودا بھی نا قبول ہوا

نہوا رائگان غبار میرا
طوطیائی نگاہ غول ہوا

رنگ لایا جو آبلہ ٹوٹا
سینہ شگوفہ کھلا تو پھول ہوا

دل کی تہمت مین گالیونکی ہوا | اور کیا آپ سے حصول ہوا
دی کسینی کبھی نہ داد سخن | بولنا بھی میرا فضول ہوا
جسمین باد صبا نہین آتی | اوس چمن مین میرا نزول ہوا
جو چلا آپ کے طریقہ پر | خضر کا مرتبہ حصول ہوا
جور دلبر سے ہو گیا لب شکر | رنج مین بھی نہین ملول ہوا
عشقبازو نمین ہو گئی گنتی | بید لو نمین میرا شمول ہوا

دل شگفتہ ہوا نہ اعظم کا
یہہ شگوفہ کبھی نہ پھول ہوا

اوسی طرح جیسے مسکرا کر کے آنا | وہی گل کا جلوہ دکھا کر کے آنا
ان آنکھونکو جادو بنا کر کے آنا | جو آنا تو سہرا لگا کر کے آنا
نگاہ تصور مین آگئے ہمارے | کسی دن تو پردہ اوٹھا کر کے آنا
سے چلے ہو نہانیکا کر کے ارادہ | دولہن اپکو اب بنا کر کے آنا
کہا اہل ہستی سے اہل عدم نے | جو دنیا سی بستر اوٹھا کر کے آنا
متاع جہان چھوڑ آنا جہان سے | یہہ سودا ٹھکانی لگا کر کے آنا
نہ رکھنا قدم غیر کے گلکون مین | یہہ حرف غلط بھی مٹا کر کے آنا
تمہین کوئی دیکھی اگر چشم بد سے | نگاہونسی اوسکو گرا کر کے آنا
لگا لیجیو پہلے ہی یہہ باتو نمین ہمکو | رقیبون کو بتا بتا کر کے آنا

گدا کو سوا بوریہ کے کبھی نے | لباط التکلف بچھاتے نہ دیکھا

پڑے کنج میں آپ رہتی ہیں اعظم
کبھی انکو مسکراتے نہ دیکھا

چرچا ملائکہ مین ہے آہِ بلند کا | نالہ فلک رسا ہے دلِ دردمند کا
اللہ رے مزاج بتِ خود پسند کا | پوچھا کبھی نہ حال کسی دردمند کا
مقسوم تو ملا ہے تمہین ارجمند کا | پر دل عطا ہوا ہے کسی خود پسند کا
زیادہ آنکھ جب تمہاری نظر پڑے | زیادہ دل جو ہوئے تمہاری پسند کا
بازار حسن مین کوئی لیتا نہین اٹھے | سودا اگر ہوا ہی دل ناپسند کا
بوسہ مین اپنے ہاتھ کے لونگا شب وصال | عقدہ یہ کھول دینگی جو مجرم کے بند کا
جب سامنا ہوا ہی تو بادبہار سے | آگے قدم بڑا ہی تمہارے سمند کا
پابند مجکو عشق کے پھندے مین کر دیا | دیکھو سلوک خاطرِ مشکل پسند کا
اودن گیسو کے پیچ مین اولجھا دیا ہی | تقدیر نے شکار کیا کس کمند کا
رکھتی ہین آدمی کی رگ پی سی الجھی | عقدہ کھلا ہوا ہی او نہین بند بند کا
سر سی اوتار کے وہ جلا تی ہین انگھین | چمکا ہوا ہے خوب نصیبا سپند کا
ہوتی سی ای ورنہ اثر دیکھا ہو | رہتا ہی را تدن مجھی کھٹکا گزند کا

اعظم کی آرزو پہ ذرا کیجئے نگاہ
تپلا نبا ہوا ہے دل مستمند کا

غم نہو دے اگر جدائی کا
لطف حاصل ہو آشنائی کا

دی خبر گل کی ہمصفیروں نے
پہر نہ فریاد یار ہائی کا

جام جمشید جسکو کہتے ہین
میرا کاسہ ہی وہ گدائی کا

عیب میرے جو پارسا دیکہو
نام پہر لیے نہ پارسائی کا

عزم ہی میرے نالۂ دل کا
عرش اعلی ملک رسائی کا

کیون نہ پہر تراشتا فرہاد
تہا محل زور آزمائی کا

وصل کا دن بہی آنیوالا ہے
غم نہین ہے شب جدائی کا

میری قسمت کہلی کہ قاتل کو
شوق ہی تیغ آزمائی کا

میری تربت پہ نخل مرجان ہے
کشتہ ہون پنجہ حنائی کا

ہی سراپا بتو ہنر تم مین
عیب گر ہی تو بیوفائی کا

آگیے آگے میرے چلنے نالا
اسکو رتبہ ہی پیشوائی کا

باغ دنیا مین کچہہ بہلائی کر
ثمرہ اچہا نہین برائی کا

آئینہ کو بہی حیرتی دیکہا
رخ دلبر تری صفائی کا

بادہ کش بت پرست بندۂ عشق
رند مشرب ہون نہین خدائی کا

پیر در بوتراب پیر اعظم
مجکو دعوی ہے جبہہ سائی کا

کیا وصف نگاہ یار کو درد زبان کیسا
ہوا مین دیکہتے ہی دیکہتے جادو بیان کیسا

ٹھکانا پوچھنا بیجا ہی ہم خانہ بدوش شوق کا
مکان کیسا جگہہ کیسی پتہ کیسا نشان کیسا

بگولہ کی طرح جس قافلہ مین پریشان تھا
رہا سرگشتہ صحرا غبار کاروان کیسا

لگادی آتش افسردی گردونے تو اتنا
اوڑایا سوختہ کر کے میری گھر کا دہوان کیسا

شب غم بیقراری سی ہمارے دل نے فرمایا
کہ ای نادان مصیبت مین بہلا ضبط فغان کیسا

ادہر وہ چستی مین عاشقونکی دلکو گہیرے ہے
ادہر ماتہا رگڑوا تا ہے سنگ آستان کیسا

دم عرض تمنائی دہی لب ہلا نہین جاتا
میری غیرت نے مجکو کردیا ہے بیزبان کیسا

ہوائی ناموافق ہی طلاطم ہی قیامتکا
میر اسپر اتباہی مین پڑا ہی الامان کیسا

قطعہ

نہ وہ طاق فریدون ہے نہ کیخسرو کا ایوان ہے
پڑا ہی ڈہوکر دونین آج کسسر انکا مکان کیسا

سر فغفور حسن کا ماجرا لوگونکو ظاہر ہے
کہ مدت تک رہا ہی پائمال سروان کیسا

زمین پر اسکی بکہرے تہی جن لوگونکی نخوت سے
لگاہونسی گرایا آسمان نے ناگہان کیسا

قیامت ہے زمانہ مین ہمارے دلکی نالونسے
یہ دیوانہ رہا کرتا ہی سرگرم فغان کیسا

نشان قافلہ کیا پوچھتے ہو اہل فنا کا
جرس اس راہ مین کیسا غبار کاروان کیسا

سراپائی صنم کی ظاہر و باطن سے واقف ہون
کہلا ہے حال سب مجہپر عیان کیسا نہان کیسا

کیا اللہ نے ثابت قدم جنکو مصیبت مین
وہی طی کر گئے آخر طریق امتحان کیسا

خدا نے کسقدر نازک بنایا ہی حسینونکو
کمر ہوتی نہین پیدا یقین جانو دہان کیسا

زمین کوی جانان مجہسی چہڑوائی قیامت نے
الہی تفرقہ پرداز ہی یہہ آسمان کیسا

کیا بے آبرو مجکو میری انکہون نے روکر
ہوا اشک فتادہ کی طرح مین رایگان کیسا

مری صحبت جو خوش آئی تو وہ کہنے لگے ہنسکر
ارے اعظم بڑہاپی مین تجہی پایا جوان کیسا

وہ ستمگر ہے مرے جان کا خواہان کیسا
ہو رہا ہون ہدف ناوک مژگان کیسا

مین وہ عریان ازل ہون کہ سمجہتا ہی نہین
جیب و دامان کسی کہتے ہین گریبان کیسا

نہ تو داغ سر سودا ہے نہ پادنبہ و رم
ہوش نے مجکو کیا بے سر و سامان کیسا

صبح تک ہجر کی شب کو نہین جینے دیتی
پہر کر دیتی ہی شام شب ہجران کیسا

رات بہر چہرۂ روشن کا دیکہا کر جلوہ
داغ دیتی ہی مجہی شمع شبستان کیسا

سو ستم گلمین کیا چاک نہ جینے دامن
ای جنون آج ہی وہ سیر بیابان کیسا

قید خانہ مین سہ مصر کی کہتی تہی بہار
رشک گلزار ہی یوسف ترا زندان کیسا

کوئی جینے کا روادار نہین دنیا مین
ہو گیا دشمن جان عالم امکان کیسا

سایۂ بید بیابان مین بہایا مجہکو
ہو گیا وحشت جنون خیز کا احسان کیسا

حشر کا خوف غلامونکو محمد کے نہین
نوح کے ساتہہ ہی اندیشۂ طوفان کیسا

میری گردش مجہی لے آئی ہی اوس صحرا مین
کاروان پہرتا ہی اوس دشت مین حیران کیسا

ہاتہہ آجائے اگر قلزم رحمت کا زلال
حضرت خضر کہین چشمۂ حیوان کیسا

آج ای بیخبرو جام کو کیا روتے ہو
ہو گیا خانۂ جمشید بہی ویران کیسا

چاک کرنے مین اسی دست جنون پر نظر
تنگ دیوانونکو کرتا ہی گریبان کیسا

جسم سے روح گئی بہرتی ہوئی دم میرا
مجہسے راہی گیا بار ہی میرا مہمان کیسا

بے ثباتی جو نظر آئی تو نرگس کی طرح
مین ہوا گلشن ایجاد مین حیران کیسا

رزق مقسوم عدم سے مجھے لایا اعظم
کر دیا دانۂ قسمت نے پریشان کیسا

گرہ زلفون نے پکڑ رکہی ادہر دلربا لایا
حلب مین خود فروشندہ مرا مشک خطا لایا

پہر اگر دشت وحشت سی مین دیوانہ تو سن لینا
نہ ثابت پیرہن لایا نہ دامان قبا لایا

قیامت تک کسی امید بہی اوسکے پیچھے آئیگی
اوسی لایا ہمارا جذبۂ دل یا خدا لایا

صدائے صور اسرافیل کی دلکو تمنا تہی
کسی پازیب کے جہنکار مین جاکر سنا لایا

طریق آمد مکتوب تو کی بند ہوتی ہے
نہ لایا نامہ بر نامہ تو خط پیک صبا لایا

اسیر حلقۂ گیسو ہوا قید کا بہی دیوانہ
قیامت اور اپنے سر پہ پابند بلا لایا

ہمی وحدت کا دم بہتا نہ ہستی مین تہا کسے
بجا ہی دل عجب شیشہ بغل مین پارسا لایا

دل حاسد لہو کیونکر نہووے میری شوخی سے
اونہین مہندی لگانیکے بہانے سے مین لگا لایا

زبان عرض تمنا مین خجالت سے کہلی تہی
لب اظہار تک مین کس تامل سے دعا لایا

دم تزئین جو دیکہا مائل سرمہ اون آنکہونکو
کلیم طور جا کر طور پر سے طوطیا لایا

جو دیکہی منزلت اوس نے تیرے بیمار الفت کی
شفا خانہ سے اپنے عیسیٰ مریم دوا لایا

ارادہ گر کہ شور نے کیا میری توسن لینا
پکڑ کر کان شیر نر کے نیستان سے اوٹہا لایا

عجب تاثیر ایسے رنگین ادا ہی تیرے ہاتہونمین
چہوا جس پیڑ کا پتا وہی رنگ حنا لایا

اوسی کہا اہل محشر صادق الاقرار کہتے ہین
جو کوئی وعدۂ میثاق دنیا مین بجا لایا

خدا ونہی کا تیری زندگی بہر دم بہر آئے ــ جو حق بندگی تہا بندہ بے زبجا لایا

اثر پایا جو اوس مٹی مین شان بو ترابی کا
زیارت سی بہرا اعظم تو خاک کربلا لایا

ہمنے جو تمسے کہا تہا وہ تقاضا تو نہ تہا ــ عرض حال دل شیدا تہی اجبار تو نہ تہا
دیکہنا اونکی طرف کام ہمارا تو نہ تہا ــ چشم موسیٰ تو نہ تہی دیدۂ بینا تو نہ تہا
خار صحرا سے جنون نے مجہی کہٹکا تو نہ تہا ــ کوئی برچہی تو نہین تہی کوئی بہالا تو نہ تہا
ہان اشارے تو کرینگے کہ گنہگار ہین ہم ــ پہر کبہی ایکو رستہ مین پکارا تو نہ تہا
کیون نہ ہم گلشن ہستی مین عدم سے آتے ــ اوس چمن مین گل بلبل کا نظارا تو نہ تہا
دل نہ دیتا جو اوسے مین تو بہلا کیا کرتا ــ خانۂ دل کا میرے پاس قبالا تو نہ تہا
عرض تجہسے جو نکرتا تو مین کسسے کرتا ــ یا علی مجہکو کوئی اور سہارا تو نہ تہا
ساحل بحر محبت کو جو پوچہی کوئی سے ــ دیکہو طوفان بہی گواہی کہ کنارا تو نہ تہا
بے دہڑک کیون نہ سناتا اونہین کچی پکی ــ کوئی کہتا جسے مجہسے مین وہ نوالا تو نہ تہا
ہو گیا ہے جو ہوہوم مین تا حق کا حجاب ــ ورنہ آگے میری تیری کبہی پردا تو نہ تہا
مین وہ نالا ہون کہ جبتک نہوا تہا پیدا ــ اس قدر عالم امکان تہہ و بالا تو نہ تہا
جو کوئی دیکہتا ہے سو عارض رنگین دیکہا ــ کہتا ہی سیر چمن مین یہ تماشا تو نہ تہا
مجہسے خلوت مین چلی آنیکی تہمت نہ کرو ــ وہ فرشتی تہی میری ساتہہ مین تنہا تو نہ تہا
ابہی زمین لپٹ اپنا جیسے کیا تونے فشار ــ اسطرح سے کبہی آغوش مین پالا تو نہ تہا

ملک بین یار تری نقد سخن آجاتا
سول لیے سینے مین اعظم کے خسارا تو نہ تہا
خیال جانان مین جان دینا خیال حسن حسین مین جینا
انہین سے رغبت انہین سے الفت انہین مین مرنا انہین مین جینا
ہماری پوچہو تو با خدا ہین یقین مین مرنا یقین مین جینا
بتون کی کیا ہی کہ ان بتون کو نہ دین مین مرنا نہ دین مین جینا
تمہاری صورت کے دیکہنے سے ہماری ہوتی ہی زندگانی
ہمارا لکہا ہوا ہے گویا تمہاری لوح جبین مین جینا
رقیب تیرے ہلاک کرنیکو کہہ رہے ہین مدام تم سے
ہماری پوچہو تو ہے تمہاری ہی ہان مین مرنا نہین مین جینا
بغیر اوسکے جو خضر لاکر اوسے زلال حیات دیتے
کبہی گوارا نہ قیس کرتا فراق محمل نشین مین جینا
نگہہ کے مارے ہوؤن کو اوسکے لبون نے بخشے حیات تازہ
اثر ہے دونو طرح کا رخ مین کہین ہین مرنا کہین ہین جینا
بسر کرون گا مین کوئی جنت نشان جانان مین زندگانی
میرے مقدر مین لکہدیا ہے ریاض خلد برین مین جینا
کبہی جو سدرہ تلک بہی جاوین تمہارے کوچہ کی مرنیوالے

کبہی گوارا نہ اونکو ہوئے مقام روح الامین مین جینا
گدا کی مرگ وحیات دونون بری ہین دنیا کی دغدغہ سے
نہ فکر طبل و علم مین مرنا نہ شوق تاج و نگین مین جینا
حیات بعد فنا بہی مرقد مین چین لیتے رہینگے اعظم
اصول دین سے بیان کرنیکو ہوگا بیشک زمین مین جینا

جسنے تصویر سے دیکھا رخ زیبا تیرا
زندگی بہر وہ رہا محو تماشا تیرا

ہمکو معلوم یہہ ہوتا ہی کہ اس گیسوے یار
ایکدن سر پہ بلا لائیگا سودا تیرا

کچہہ کہا جا سے دم عرض تمنا مجہسے
ہم بہروسا نہین رکہتے کبہی یا تیرا

تیرے جنگل کو جو دیکھا تو یہہ مجنون نے کہا
جی دہلتا ہی بلا خیز ہے صحرا تیرا

آگیا دیکہتے ہی دیکہتے محشر نزدیک
کس قدر طول ہوا وعدہ فردا تیرا

آپ بہی دوڑتا ہی ہمکو بہی دوڑاتا ہے
پڑگیا ہے دل بیتاب کو لپکا تیرا

اونکی تقریر سے یہہ شفقتہ مژگان سے
چہید ئے تیر کے پیکان سے کلیجہ تیرا

آدم اسواسطے گلزار جنان سے آئے
قابل دید تہا دنیا مین تماشا تیرا

راز تیرا کبہی کہلنے کا نہین دنیا نے
دامن دشت مین رہجائیگا پردا تیرا

کاروان مصر مین لاتا ہے کہینچ انکو
خواب سہا نظر آتا ہے زلیخا تیرا

روح کو جسم سے آزاد کیا جاتا ہے
زندگانی سے بہت تنگ ہے شیدا تیرا

تونے ای جلوۂ دنیا بہت دوڑایا
مرگیا دہوپ مین سر گرم تمنا تیرا

یہہ تو کہنا کہ میں پردے میں ہاں کرتا ہوں
دیکھہ لیتا ہی تجھے دیکھنے والا تیرا

اسلیے دلمیں جگہ دی ہی ترے بیٹھنے کو
بوالہوس دیکھنے پاتین نہ تماشا تیرا

اپنے جانے سے ہم اسواسطے با سر ہوتے
تھا یہہ منظور کہ کھل جاے نہ پردا تیرا

تجھسے اکبات ہی ای دل نہ کبھی جا دیکھ
منہ کہلیگا نہ دم عرض تمنا تیرا

آرزومند کو دیدار سے محروم نہ رکھہ
ہمہ تن دیدۂ مشتاق ہی بندا تیرا

دل دہڑکتا ہی میرا جنبش مژگان سے تجھے
نیش عقرب کیطرح رستا ہی کہٹکا تیرا

سامنے جاتا نہیں اسسبب بنکا غافل
لوگ ناحق کو کہا کرتے ہیں سیدا تیرا

اسمیں گرسوا شرحذبہ کامل اعظم
کام نکلے دل بیتاب سے کیا تیرا

پڑگیا گر عکس اونکی آتشین رخسار کا
برق کوہ طور سا یہ بنگیا دیوار کا

نام آتا ہی جو بوی نافۂ تاتار کا
صاف محمول خطا کرتا ہی جوڑا یار کا

کلمہ خوان کے واسطے غازہ ہی رخسار کا
پہول پائے اگر اونکے گلے کے ہار کا

ڈہونڈہے جاتے تہے ادہر یوسف کے سودے کے لیے
تھا خریداروں کو سودا اسکے بازار کا

ساکنان خلد کو بھی دیکھنے کی آرزو
نام جنت میں جو سن پایا ہی کوچی یار کا

اوٹھکے میں جاؤں در دولت سرا کے کسطرح
یا علی مجکو وسیلہ ہی ترے دربار کا

مرد میدان دلدل چالاک و تیغ آبدار
نام تیرا تیر سے گہوڑے کا تیری تلوار کا

جسنے تیرے کوچۂ جنت فزا کی سیر کی
لطف نظارہ ملا فردوس کے گلزار کا

روشنی دیکھی جو تیری عارض پر نور کی
دیدۂ خورشید روزن بنگیا دیوار کا

سیر کیسیکے لیے تم مصر میں جاؤ اگر
گلشن فردوس ہو وے راستہ بازار کا

صاحب معراج نے رکھا جو کاندھے پر قدم
آسمان تک پایہ پہنچا حیدر کرار کا

نور چشم میر کنعان آئی آنکھوں کی حضور
حضرت یعقوب کو ہی حوصلہ دیدار کا

شکر کر تیغے ہیں ہان پھر اقبال تیرا
زخم جو بہرے ہیں تو بہرے ہیں دم تلوار کا

آئینہ کی پشت سے سیماب و تڑجا ابہی
عکس پڑجاوی جو تیری آتشین رخسار کا

ان بتونکا دل ہی آہن سے بہی سختی میں فزون
لائی ہیں پتہ سا پتہر کو نیچے کہسار کا

حکم کیون ناخن تراشونے کا ای آصف ہوا
بند کسدن سینے کہولا تہا قبائی یار کا

حال از خود رفتگان کا کیا کسی کیا جائیگا
پاؤنکا چہالا پڑیگا آبلہ ہو جائیگا

اوسکے آگے آپ کہو بیٹھینگے جو سودائی ہے
طول سودا گرفتار بلا ہو جائیگا

باغ میں ہمراہ چلنے کو کہا ہی یارنے
اب نہال آرزو کے دل ہرا ہو جائیگا

اسقدر کنج قناعت میں جو تجکو یار ہے
کیا سر شیرازہ میرا بوریہ ہو جائیگا

مستمند ونکی دعا کو گر ملا حسن قبول
لب تلک آتی ہی آتی مدعا ہو جائیگا

ایک شیدا ہمیں پہلے ہی سے معلوم تہا
ایک ایکدن تو کسی پر مبتلا ہو جائیگا

نالۂ دل اونکی کانون تک نہ پہنچیگا کبہی
گردش قسمت سی وہ بہی نارسا ہو جائیگا

جوڑکر ہاتہون کو اونکی سامنے ہم جائینگے
آرزوے وصل کا مطلب ادا ہو جائیگا

غش مجھے آتا ہو سی کیطرح سے یا نہیں
تم نقاب اولٹو تو یہ عقدہ بھی وا ہو جائیگا

ناز کی رفتار گر یونہیں چلیں گے خوش خرام
رفتہ رفتہ دل کسیکا مبتلا ہو جائیگا

عشق گیسو کا ہماری دیسے جائیگا نہیں
یہ اسی سودے میں پابند بلا ہو جائیگا

دیکھئے دیکھنا جسکا ہی منظور نگاہ
سینہ سینے سے پردہ دور کیا جو وا ہو جائیگا

ہنس کے ٹالیگا سنیگے اوسکو گر ہم غنچہ نہیں
آہ آتش بار سے کار صبا ہو جائیگا

رخصت سے بھی نہ پھیر بدن پر دیکھنا
گر کہیں بخیہ چاک قبا ہو جائیگا

تیری بے پروائیوں سے جان ہم دیجائیگا
دو شمشیر تغافل سے گلا ہو جائیگا

آپ جاوینگے تو اوسمیں ہیں ہی گھر نہیں
گھر ہمارا آپکے وحشت سرا ہو جائیگا

بادشاہ بحر و بر بھی جائیگا زیر زمین
الست ایسا ایکدن بخت رسا ہو جائیگا

یا علی اعظم ہو وے مہربانی کی نگاہ
آپکے لطف و کرم کا آسرا ہو جائیگا

اسیر حلقۂ گیسو بنا سے گا پھر کیا
بلا کے پیچ میں اید ل پھنسائیگا پھر کیا

بھرم سے ہستی موہوم میں جو پڑ آیا
میر النصیب مجھے اب دکھائیگا پھر کیا

جو تیغ ناز سے تم کاٹ لوگے سر میرا
نیاز مند قدم پر جھکائیگا پھر کیا

جیسے کہ حسرت الفت نے کر دیا خاموش
زبان پہ حرف تمنا وہ لائیگا پھر کیا

جو پاؤں توڑ کے بیٹھے تمہاری کوچہ میں
تو اوسکو دور نہ گردوں پھرائیگا پھر کیا

ابھی تو بیٹھ گئے ہیں خدا خدا کر کے
ہیوں سے شوقیں پا پیدل اوٹھائیگا پھر کیا

یہہ سوچ کر میرا اسباب لیگئے دشمن
کہ اپنے ہوش مین دیوانہ آئیگا پہر کیا

جو زندگی مین نکالی نہ آرزو دل کی
وہ بعد مرگ بہلا کام آئیگا پہر کیا

عذاب نار سے بیغم ہین سوختہ تیرے
جلے ہوونکو شعلۂ آتش جلائیگا پہر کیا

اسیطرح جو رہین بیوفا بتان تیرے
کوئی کسی سے بہلا دل لگائیگا پہر کیا

مین کل کہونگا اگر آج تمنے ٹال دیا
زبان پہ حرف تمنا نہ آئیگا پہر کیا

خیال یہہ ہی نہ یوسف سے بہائیون نے کیا
کہ یہہ عزیز نہ کنعان مین آئیگا پہر کیا

ابہی تو پاک اسی کر چکا ہون ای ساقی
اسیری لباس کو دہبا لگائیگا پہر کیا

کہا یہہ گیسون والون نے ابتو جانے دو
ہماری دام مین اعظم نہ آئیگا پہر کیا

دہان یار کا مسئلہ عیان مطلق نہین ہوتا
زبان گویا نہین ہوتی بیان مطلق نہین ہوتا

تپ دوری نے ایسی آتش فرقت لگائی ہی
جلا جاتا ہے دل لیکن دہوان مطلق نہین ہوتا

وہ فرقت آشنا ہین ہم کہ صحرا مین غبار اپنا
شریک گرد راہ کاروان مطلق نہین ہوتا

ریاضی دان کو مطلب شاعری کا کیونکر حاصل ہو
زمین ہوتی ہی دیکہین آسمان مطلق نہین ہوتا

پڑا ہون اسطرح مین گوشۂ کنج قناعت مین
تصور بہی کسی جانب وہان مطلق نہین ہوتا

وہان تم بادہ نوشی غیر کی صحبت مین کرتے ہو
یہان ذوق شراب ارغوان مطلق نہین ہوتا

کہان تک ہم سہینگے آشنا ہو کسکے دشمن ہو
تمہارا حال کچھہ ہم پر عیان مطلق نہین ہوتا

نہین بیتاب کرتی ہی دل نالان کو تنہائی
کسیکے رونے سے گرم فغان مطلق نہین ہوتا

جو کوئی خرچ کردیتا ہے کچھ عقبی کی سودے مین
سوا سود کے اوسکو زیان مطلق نہین ہوتا

سفر در پیش ہے اوس راستہ کا اہل دنیا کو
جہان ہے غبار کاروان مطلق نہین ہوتا

ضعیف ایسا کیا ہی گردش چشم فسونگر نے
سرشک دل بھی آنکھون سے روان مطلق نہین ہوتا

یہ صورت بیحجابی کی تو قسمت نے دکھائی ہے
کہ پیرا اوسکے پردہ درمیان مطلق نہین ہوتا

جو کر جاتے ہین جلدی منزل ہستی سے چلنے مین
اونھین لگ گوشئی پاس ہمرہان مطلق نہین ہوتا

ٹھکانا پوچھتے کیا ہو عدم کو جانیوالونکا
پتا ملتا نہین پیدا نشان مطلق نہین ہوتا

ادہر سے ہم نگاہ لطف کی امید رکھتے ہین
ہمارے حال پر جو مہربان مطلق نہین ہوتا

لکھا ہی سرد مہری کا زمانہ نے جو افسانا
تو وہ قصہ بھی گرم داستان مطلق نہین ہوتا

کسی محبوب کو کامل نہ پایا ہمنے الفت مین
تمہین پر بیوفائیکا گمان مطلق نہین ہوتا

جو روتا ہون غم سبط رسول اللہ مین اعظم
میرا اشک فتادہ رائگان مطلق نہین ہوتا

بتلا نشان وادیٔ وحشت کی ڈہاپکا
ای قیس مین امین ہون جنگل کی ناپکا

کامل ہمارے شوق کو ہونے تو دیجیے
پیغام آپسے وہ کرینگی ملاپ کا

فرزند ہما نا شدنی گر ہوا تو کیا
بیٹا وہی جو نام کرے اپنے باپ کا

مجھپر بھی التفات کی فرمائیے نگاہ
مین بھی نیازمند ہون مدت سے آپکا

محشر مین ای کریم پڑیگا تجھی سے کام
بیٹے کا باپ ہوگا نہ فرزند باپ کا

ہووے نہ اعتبار تو اعظم سے پوچھ لو •

سب لیے ہے ہین نام وظیفہ مین آپکا

کیا آپ نے انداز نکالا ہی ادا کا | خلوت مین تو پردا نہ ہی شرم و حیا کا
فرماؤ یہ ہی دست جنون جلد خبر لے | احباب مجھے کرتے ہین پابند قبا کا
گلشن مین بندہی ہی جو ہوا آگل و بلبل | ہستی کا تماشا ہے شگوفہ ہی صبا کا
وہ کرتے ہین وہان زینت دامن کا انجام | ہم کرتے ہین یہان چاک گریبان قبا کا
اوس برق تجلی نے لگایا جو چمن میرا | رشک شجر طور ہوا نخل حنا کا
اپنے ہمین جاہ کی حقیقت نہین معلوم | پر غور ہے وہ جا نظر آتا ہی ریا کا
ای عشوہ گر وجا لینے فدا ہو گیا عاشق | ناتم تو کر و کشتہ انداز و ادا کا
طاؤس چمن بو سیتے ہین اسے قدمین | مجکو بھی تمنا ہی لب طمی کی صدا کا
نفرت ہی رہی صورت دیدار طلب سے | بہولے ہیں ہی ہمنے کبھی غرفہ سنّا کا
اب جلد ہو اچھا ہے ہین کام ہمارے | ہوتا ہی گذر اب اجابت پہ دعا کا
واللہ تو عشوہ گری ختم ہے تمہین | تم طرز اوڑالا ہے ہو بہو بجلی ادا کا
آنکھون مین سما یا ہے جمال رخ تابان | چمکا ہی ستارا میری تقدیر رسا کا
شفاف نظر آتا ہی سیماب کی مانند | جوہر دل بیتاب مین ہی صدق و صفا کا

اعظم کی حقیقت کو نہ پوچھو کہ تمہین بہی
احوال تو معلوم ہے اوس بے سر و پا کا

طوفان بپا کیا رہ نے محشر مچا دیا | خوابندگان کنج لحد کو جگا دیا

یوسف کو مول لیکے زلیخا نی یہہ کہا
اچھا مجھے نصیب نے سودا اولا دیا

تھا ہی نادہند کوئی دوسرا نہین
لیکن کبہی نہ تمنے دل مبتلا دیا

سودا ہے زلف یار کی دلمین جگہہ ہوے
قسمت نے کس بلا کو میرا گہر بتا دیا

تو نے ہمین بہار مین عریان کیا جنون
دامان آرزو مین گل مدعا دیا

آیا نہ کوئی اوسکے اوٹہانیکو واسطے
تمنے جبین نگاہ سے اپنے گرا دیا

پانی پہاڑ کو میرے نالون نے کر دیا
آنکھون نے ہجر یار مین دریا بہا دیا

دامن مین میرے یار نے پی جہاڑ کر آب
کس پارسا کے رخت مین دہبا لگا دیا

گہر چلا گئی میرے دل سے اختیار کی
تمکو اوٹہا کے پاس ہمارے بٹہا دیا

کس درد کی دوا ہی تو اے مسیح بہار
تو نے تو اور روگ جنون کا لگا دیا

لیلی جو دشت نجد مین آئی تو دوڑ کے
محمل کا جذب قیس نے پردا اوٹہا دیا

دیسے ہمارے یہہ بہی تمنا نکل گئی
آنکھون نے اس جہان کا تماشا دکہا دیا

کچھ اور تو نہ پستی ہمت سے ہو سکا
یوسف کو بہائیون نے کنوئین مین گرا دیا

قسمت نے اسمین شوق بہرا تیری عشق کا
پہوٹے سے میرے دلمین بڑا [illegible] دیا

ابتک حیا ہی یار کو مشتاق دید سے
دیکہا ہمین تو دوڑ کے پردا گرا دیا

جو لوگ تیرے بام سے اوترے تو یہہ کہا
قسمت نے آسمان سے زمین پر گرا دیا

ساقی ہمین بہی ساغر جم کے طلسم نے
جام جہان نما کا تماشا دکہا دیا

کیا جانیے کہ دلمین اوٹہا کس بلا کا درد

آعظم کی آہ نے تو کلیجا ہلا دیا

موجود نا ہونون کی ہمرکا نشان ہوا
پردے مین تہا جو راز نہانی عیان ہوا

واماندگان کو بانگ جرس کا گمان ہوا
مین نالہ کش جو ہمسفر کاروان ہوا

شیرین کے اشتیاق مین جبکا زیان ہوا
فرہاد کا ریاضت عبث رائگان ہوا

محرم کے بند ٹوٹ گئے میرے ہاتہہ سے
کیا جرم اتفاق سے یہہ ناگہان ہوا

تہمت لگائی بوسہ عارض کی یار نے
نخل مراد مین بہی شگوفہ عیان ہوا

انگلی دبا کی موہنہہ مین خاموش رہگیا
حسین سے ہماری کم سخنی کا بیان ہوا

چاہا تو دور کر دیا چاہا تا بلالیا
مین آدمی ہوا کہ سگ آستان ہوا

پہونچال میری تپش کو جکڑ دیا کبہی
میرے لیے زمین کے تلے آسمان ہوا

جب حی کی سمت ناقہ محمل نشین چلا
لیلی کے اشتیاق مین مجنون روان ہوا

ہمسا کوئی نہوگا وفادار دوسرا
الفت کی معرکہ مین اگر امتحان ہوا

وہ بہی رہے نہ قافلے سے جو بچہڑ گئے
واماندگان کا کوچ پس کاروان ہوا

دل کی طرح سے شیشہ مے ہم لیتے تہے
یہہ راز محتسب کے نہ اوپر عیان ہوا

اوس سے لیے گلون کا ذکر کیا مین نے آلکا
مین اور عندلیب چمن ہمزبان ہوا

تہک تہک کے بیٹھ بیٹھہ گئے لوگ راہ مین
پیدا نشان منزل مقصد کہان ہوا

آئی بہار پہر چمن روزگار مین
آباد عندلیب کا پہر آشیان ہوا

پہولون کی صبح پر جو وہ سوبا شمبال
جسم لطیف مین رگ گل کا نشان ہوا

جب بڑھ گیا شمار شہیدان عشق کا ۔ تب اونکی تیغ ناز کا جوہر عیان ہوا

تھا جسکو عشق گیسوے زنار بند کا ۔ تا تار سے وہ وارد ہندوستان ہوا

ہوتا نہ منطقی سے میری بات کا جواب
اعظم بجا ہوا کہ جو تو بے زبان ہوا

پیش نظر ہے عارض گلرنگ یار کا ۔ آنکھوں کو سامنا ہے ہمیشہ بہار کا

صحرا میں دھوپ چھپنے لگا یا ہے غار کا ۔ سودا ہوا ہے نشتر مژگان یار کا

وعدہ پہ وہ مسیح نہ آیا تو دیکھنا ۔ آنکھوں کو اور روگ لگا انتظار کا

اوڑکر میرا غبار شریک صبا ہوا ۔ تھا خاکسار رستہ دیا خاکسار کا

گیسو کے اشتیاق میں چھوڑا سواد ملک ۔ سودا ہوا ہے سنبل مشک تتار کا

سیر بہار باغ جہاں کی ہوس رہی ۔ ہم داغ دیکھتے چمن روزگار کا

سودائیو جو داغ جنون کی نمود ہو ۔ غنچہ ہوا ہے بھی شگوفہ بہار کا

پہونچے تمہارے کوچۂ جنت نظیر تک ۔ انجام ہو بخیر ہمارے غبار کا

اعظم کو آپ اپنے غلاموں میں لیجئے
اتنا سوال ہے دل امیدوار کا

فرط الم سے حیرتی تصویر بنکر رہ گیا ۔ رنج کا پتلا دل دلگیر بنکر رہ گیا

نالۂ آتش فشان نے کسقدر پایا فروغ ۔ آسمان پر جاکے ہی تنویر بنکر رہ گیا

ہو سکا میرا نہ ایسا ایک بیڑی بھی درست ۔ کچھ ادھورا حلقۂ زنجیر بنکر رہ گیا

گر اسی صورت رہی صید افگنوں کی آرزو
ہیں کسی فتراک میں نخچیر بنکر رہ گیا

آتے آتے پھر گیا رستہ سے وہ خورشید رو
ماہ کامل نیر تقدیر بنکر رہ گیا

ہو سکا ہم سے نہ وصف زلف پیچان بسکہ
ہر سخن الجھی ہوئی تقریر بنکر رہ گیا

لاکھ دھویا پر نہ چھوٹا خنجر سفاک سے
خون ہمارا جوہر شمشیر بنکر رہ گیا

مجھ کو گرفتار محبت نے جو پایا باغ میں
عشق پیچا صورت تصویر بنکر رہ گیا

وہ گرمی جھیلے ہوئے ہونگیں کہ سیر دشت کا
ہر بگولا آہنی زنجیر بن کر رہ گیا

خواہش دل کے لیے چاروں طرف کو دوڑتا
ساتھ میرے گردش تقدیر بنکر رہ گیا

رکھدیا جو طاق پر نقشہ دہان یار کا
معجزہ سے غنچہ تصویر بنکر رہ گیا

کربلا جاتا ہوا اعظم کا توسن پھیرو
خادم سرداب شبیر بنکر رہ گیا

تری مستی کے سودے میں نہیں ہے ہوش نیلم کا
سنا کرتے ہیں افسانہ ہمارے گوش نیلم کا

شراب سرخ پر سبزی کا طرہ چاہیے ساقی
کہلے گا ساغر گلرنگ پر سرپوش نیلم کا

اسے نیرنگ کہتے ہیں کہ عکس خط ساقی سے
پیالا ہو گیا ہنگام ناؤ نوش نیلم کا

ہزاروں لطف آرائش دکھائی حسن نے
فقط چندا کیا تھا اوسنے زیب گوش نیلم کا

ہماری بیقراری نے ہمیں پتھر بنایا ہی
تڑپنے کے سبب سے ہو گیا آغوش نیلم کا

جواہر ہیں جو تیرے پاس تو کسکام کے غافل
بھروسا کر جواہر کا نہ اے بیہوش نیلم کا

جواہر کار ہے گا زندگی بھر جو صدا باقی
نکل جاویگا دم سے ساتھ سارا جوش نیلم کا

تمہارا چہرہ رنگین ہے آفتاب نیا — یہہ انقلاب تو ہے اے فلک جناب نیا
سوال وصل مین حرف قبول فرمایا — نکل گیا دہن یار سے جواب نیا
سمٹ سکے سنہ نکہین انکو بیٹھ پر لینا — شب وصال نہ کر بیٹھنا حجاب نیا
بنا کے ایک دل بیقرار پہلو مین — لگا دیا ہی میری جان کو عذاب نیا
ترا مرید ہون پرہیزگار ہو ساقی — نکال میرے لیے کا نشہ شراب نیا
طریق شہر خموشان مین جا لگے کاہیں — اسی مکان سے ہی خوابیدگان کا خواب نیا
ہمارے خانہ دل سے نکال دے اسکو — خدا کرے بت بیداد پر عذاب نیا
بہت ہین اور بہی دنیا مین نوجوان معشوق — فقط تمہین نہ نہین عالم شباب نیا
لباس مین نہین رہتا ہی آدمی اپنے — جہان مین عشق و محبت کا ہی عذاب نیا
مرے ہوؤن کو لگا ہو لینے کیجیے زندہ — دکھائیے کوئی اعجاز ہی جناب نیا
کہا نہ تمنے کبہی ہمسے راز دیرینہ — سمجھہ گئے کہ یہہ ہی خانمان خراب نیا
تیری جبین ترے چہرے کو لوگ کہتے ہین — یہہ آسمان نیا ہی یہہ آفتاب نیا
کسیکے خانہ دلکو بہی کیجیے آباد — بنائیے کوئی کعبہ ہے ثواب نیا
خفا ہو جیسے اب میرے بیقرار سے — نہ ہین نیا نہ نیا دل نہ اضطراب نیا
عطا ہے قیمت دلہین نہ کیجیے جھگڑا — وہ پیش کیجیے گر ہو کوئی حساب نیا
شب وصال جو پردہ اوٹھا کے منہہ دیکھا — نظر پڑا مہ تابان تہ نقاب نیا
ہمارے لوٹنے پر لوٹ لوٹ جاوگے — کہو گئے ہی یہہ تماشا اضطراب نیا

یقین ہووے تو پھر چلکی دیکھیے اعظم
جہان مین وا نہ قسمت نیا ہی آب نیا

شاہد معنی رنگین کا شناسا نہ رہا — حسن بندش کا کوئی دیکھنے والا نہ رہا
لطف رنگینی مضمون مصحف نہ رہا — اس جواہر کا زمانہ مین شناسا نہ رہا
نخلبندان سخن آج بھی ہین دنیا مین — یہ نہ سمجھو کہ چمن مین چمن آرا نہ رہا
فکر رنگین کو توڑ ہے یاد بجز رنگینی کا — پر کری کیا کہ کوئی دیکھنے والا نہ رہا
کس بھروسے پہ کری اس مین کوئی غواصی — بحر اشعار مین تنکے کا سہارا نہ رہا
ہاتھ دہو بیٹھے ہین یوسف کی خریداری سے — کیا کرین مصر کے بازار مین سودا نہ رہا
ہجر کی رات بھی تقدیر نے زندہ رکھا — ہم تو سمجھے تھے کہ اندیشہ فردا نہ رہا
غیر سے ربط کیا غیر کا دل لے بیٹھے — ای میری جان تمہین دہیان ہمارا نہ رہا
ہم جنون مین بھی گرے در پہ گرتے ما تہا — کب نہین پھر سر آیا وہ سودا نہ رہا
الصنم تیشے بھی یون دیتے نکالا ہمکو — یہ تو کعبہ مین نشان بت ترسا نہ رہا
دم نزع جو مجھے گھر سے نکلوا بھی چکے — کون دیکھے گا جو مین دیکھنے والا نہ رہا
بند محرم سے کھلے ہاتھ سے نا محرم کے — غیر سے اوس بت بیباک کو پردا نہ رہا
اضطراب دل بیتاب جو دیکھا تکیا — آ کے دم بھر سرے بالین پہ مسیحا نہ رہا
بے سبب ہین نہین گستاخ ہوا یا تو نہ — پیر سے ابو ہین لب عرض تمنا نہ رہا
فارغ البال کیا ہے سرو سامانی نے — مال دنیا نہ رہا چند دنا کا نہ رہا

حشر کے وعدۂ دیدار سے ہم بھی خوش ہیں
خیر اچھا ہے ہمیشہ کا تقاضا نہ رہا

شعر پڑھتا ہون تو فرماتے ہین سنتے والے
ذکر کچھ اور کرو یار یہہ چرچا نہ رہا

مجکو دکھلا کے رقیبون سے نظر بازی کیجے
شوخ چشمی ہی ہے ہین آنکھ کا پردا نہ رہا

مطلع

کونسی رات تیری زلف کا سودا نہ رہا
کون سے دن ہے خیال رخ زیبا نہ رہا

آج داغ سر آمادۂ سودا نہ رہا
خیر اچھا ہوا گردش کا ستارا نہ رہا

آرزو پر ہوئی اوس دم ہمین قدرت اعظم
جبکہ قابو مین دل محو تماشا نہ رہا

مین انتظار ہی دل حیران مین رہگیا
کم بخت جا کے کوچۂ جانان مین رہگیا

ہم سے اسیر قید سے چھوٹے تو کیا ہوا
دیوانگی کا ذکر تو زندان مین رہگیا

جو لعل بے بہا تھی وہ پہونچے تھے پاس یار
جو قیمتی نہ تھا وہ بدخشان مین رہگیا

کچھ دیکھنے دیا نہ مجھے اشتیاق نے
مین تو محبت لب و دندان مین رہگیا

دامن کو مین نہ پھاڑ سکا آہ کیا کرون
ناطاقتی سے ہاتھ گریبان مین رہگیا

برباد کیا ہمین مین جہان خراب مین
آباد کون عالم امکان مین رہگیا

ضبط فغان سے ہی آہ نہ آئی لبون تلک
نالون کا حوصلہ دل نالان مین رہگیا

کھٹکا جو پیرہن سے ہمین تھا وہی ہوا
دامن اولجھکے خار بیابان مین رہگیا

ملت کا اختلاف دوئی سے نہ مٹ سکا
آخر نفاق گبر و مسلمان مین رہگیا

برسات بھی بہانہ تھی ساقی گذر گئی
مین آرزوئے بادۂ ریحان مین رہگیا

کاریگری سے یار نے دہو یا میرا لہو
دہبا بہی دیکہنے کو نہ دامن میں رہ گیا

اغیار کا قیام ہوا کوئی یار میں
عفریت جا کے ملک سلیمان میں رہ گیا

تہا وہ میں اپنی روح رواں کو نکر سکا
اتنا قصور پیکر انسان میں رہ گیا

اس بات کی جنون سے شکایت نہیں ہی
رخت حیات کیون تن عریان میں رہ گیا

وحشت ختن میں اوڑکے نہ پہونچی ہمارے [illegible]
سرمہ کا شوق چشم غزالان میں رہ گیا

آعظم کو انتظار رہا جسکا رات بہر
وہ صبح تک بناؤ کے سامان میں رہ گیا

صاف مطلب دل مشتاق کا کہولا گیا
اونکے آگے کبہی بوسے کبہی بولا گیا

سر سے داغ سر آمادہ سودا نہ ہٹا
ایکمدت سیر سے پاؤن نہیں پہولا گیا

آپنے کی میری جس روز ہی خاطر شکنی
زندگی بہر میری خاطر سے ملولا گیا

دین میں بہی تہی خریدار مجہے سنجیدہ
میں وہ دانہ تہا جو بازار میں تولا گیا

گنج گوہر بہی کئی بار بمقدار سے ملے
پر میری ہمت مردانہ سے رولا گیا

وصل میں ناخن تدبیر بہت کام آئے
کونسا عقدہ پنہان تہا جو کہولا گیا

حال باتون ہی میں بہاتے تیرے غمخوارون کا
تجہسے آعظم دل احباب ٹٹولا گیا

بارہا سنگ فسان پر ترا خنجر اوترا
پر تغافل کے سبب سے نہ کوئی سر اوترا

وہ سواری سی جو اغیار کے گہر پر اوترا
دل مایوس میں اندوہ کا لشکر اوترا

جوہری چہانتے ہین خاک تیرے کوچہ کی
اونکی نظرون مین چڑہا ہی تیرا گوہر اوترا

پیچھے ہین پڑتے ہین احسان تری رزاقیکا
من و سلوا ہی تیری فیض سے گھر گھر اوترا

وصل مین خاک نکلتی مری دلکی حسرت
آپکا غصہ بیجا تو نہ دم بہر اوترا

خط دیا یا نہ لیا خیر شکایت تو یہ ہے
کہ تری ہاتہ سے بازو سے کبوتر اوترا

مفلسی مین بہی دولہن اسکو بنا رکہا ہے
شاہد فکر کا ابتک نہین زیور اوترا

کبھی نہ آنکہ سے ہوا چشم سیہ کا سودا
کسنی دیکہا ہی کہ جادو سی فسونگر اوترا

قلزم فکر مین اسطرح لگائی غوطے
جسطرح سے کوئی دریا مین شناور اوترا

ہم ضعیفون پہ ہوئی دست جنونکی امداد
ٹکڑے ٹکڑے ہو سکے لباس تن لاغر اوترا

ٹہل گئی پہلوی دایہ مین تری رزاقی
دودہ پایا تو کہا رزق مقدر اوترا

کشتنی جیسا میسر نہوا قاتل کو
طاق نسیان پہ سر سے بعد نہ خنجر اوترا

تمکو کہاتون پہ چڑہاتا ہی کوئی راتونکو
نظر آتا ہی سحر کو رخ انور اوترا

عطر سازون نے لیا عطر بنا نیکے لیئے
شب کا پہنا ہوا پھولون کا جو زیور اوترا

پیرہن گلکا لیا نیکے لیئے باد بہار
لیگئی نکہت رخصت تن اطہر اوترا

اپنی صورت ہوئی جو دیکہنی منظور ہمین
آئینہ طاق سے اوترا تو مکدر اوترا

نارسائی پہ ہے مکتوب کی دیکہو اعظم
آشیانہ سے زمین پر نہ کبوتر اوترا

تمہارے فیض قدم نے چمن مین کام کیا
زمین باغ کو بہی آسمان مقام کیا

شگفتگی گل تر کا انتظام کیا
چمن طراز نے باد صبا کا کام کیا

یہ بیخودی کا سبب تھا کہ ہمنے ساقی سے
شراب خانہ میں جاکر سوال جام کیا

مدینہ و نجف و کربلا و بیت اللہ
خدا نے اوج میں انکو فلک مقام کیا

قیام حشر میں ظالمو غضب ہوگا
ستم کشوں نے جو دعوائے انتقام کیا

تمہیں بتاؤ کہ راہب نے اور زاہد نے
کیسے حرم میں کسی دیر میں سلام کیا

ہماری دل کو لیا یار نے لگا ہو نہیں
ہمیں پہ آنکھ لگانیکا اہتمام کیا

رخ حبیب سے شکوہ جو اٹھہ گیا پردا
تو نور حسن نے کار مہ تمام کیا

تمہاری گیسوی عنبر فشان کی نکہت نے
شمیم نافۂ مشک ختن کا کام کیا

اسیطرح کی اگر ہے بتو خداوندی
ہمیں سے بندۂ درگاہ نے سلام کیا

دہری جہاکی تماشا دیکھا دیا اوسنے
جو یان کہاکہ تو سوسن کو لا انعام کیا

عدم سے آکی نذر ہوگئے ہیں ہستی میں
مقام خوف جہان ہے وہیں مقام کیا

کمال اوج جو دیکھا رسول اکبر کا
ادب سے دوڑ کی اقبال نے سلام کیا

تری زبان کی معجز بیانیاں سنکر
سنا کی بلبل تصویر نے کلام کیا

متاع عشرت و حرمت عطا ہوئی ہمکو
تمہاری جود و کرم نے ہمیں غلام کیا

رخ سحر نہ دیکھا یا نہ خود تمام ہوئی
ہمارا کام شب ہجر نے تمام کیا

مجھے دیا ہے اللہ نے شرف اعظم
نبی کا آل نبی کا مجھے غلام کیا

وہ مشتاقون کو ترساتا رہیگا | فقط انداز دکھلاتا رہی گا
وہ موتی ہاتھہ سے کہو یا گیا ہے | جو ہر سو ہون خاک چہنواتا رہیگا
ترقی پر رہیگا حسن جبتک | ادا و ناز سکھلاتا رہیگا
ہماری ہاتھہ کی گر دستگیری | یہہ تیری زلف سلجہاتا رہیگا
اگر چاہون گا مین کچہہ بانہ بیگا | یقین ہی گا نہ ٹہہ کا جاتا رہیگا
وہ دم بہر بہی نہ ٹہریگا تیرے پاس | رہیگا بہی تو اکتاتا رہیگا
برائی مین کرینگے پیار تمکو | ہمارا شوق کیا جاتا رہیگا
رہیگا دل میرا جب قافلہ مین | جرس کیطرح چلاتا رہیگا
خزان بہی ہوگی فصل گل بہی ہوگی | زمانہ رنگ دکھلاتا رہیگا
جواب آرزو ملنا تو معلوم | وہ ہمطلب کی فرماتا رہیگا
کھنچے کی گر ہماری دلکی صورت | مرقع روز کہلاتا رہیگا
رہیگا کچہہ دنون حسن جوانی | یہہ عالم ایکدن جاتا رہیگا
عدم کا راستہ ہوگا وہ سدا | کوئی آتا کوئی جاتا رہیگا
ادہر لیجے کی جو دن آدیکھیگے | تیرا جوبن غضب ڈھاتا رہیگا

رہا اعظم جو سودا گیسون کا
بلا سر پر سے لاتا رہیگا

لوٹنا طائران بسمل کا | کھیل ہے بیقراری دل کا

نہ کھلا عشق حسن کامل کا
راز پنہاں رہا مرے دل کا

متحمل ہے جور قاتل کا
حوصلہ دیکھئے مرے دل کا

جب بگڑنی لگی ہوائے چمن
ہوش اڑنی لگا عنادل کا

نجد میں حی کا قافلہ لایا
دیکھئے جذب قیس کے دل کا

ناز کھینچا یہ سے لیلے نے
آج پردہ اٹھے نہ محمل کا

پاؤں دھونے نہ آئی جب تک
پاک دامن ہوا نہ ساحل کا

اب جو چھوٹنی کی دیتا ہے
دم بدم ٹوٹنا سلاسل کا

ہوش میں آئی جنون نے لا مجکو
کام کرنا پڑیگا عاقل کا

آگ کا جس جگہہ ٹھکانا تھا
جسم میں وہ مقام تھا دل کا

دیکھہ کر مجکو اہل سیاہ
راستہ بھولتے ہیں منزل کا

زخم کاری لگا تو چوم لیا
قبضہ خنجر کا ہاتھہ قاتل کا

جب نہ درد کا کسینی نالہ کو
حوصلہ بڑھ گیا سلاسل کا

جلد دامن کو دھو بیٹھے ورنہ
رنگ لاویگا خون بسمل کا

دستگیری جو مرتضیٰ علی کی
پاؤں ٹوٹا ہماری مشکل کا

کسکو امید تھی پہنچنے کی
لیگیا اشتیاق منزل کا

ضبط اشکو نکا ہو جو مدنگاہ
بند ہی بند رخنہ دل کا

آمد آمد بہار کی سنکر
غم غلط ہو گیا عنادل کا

قید ہستی میں ہم رہے جبتک — تھا شور نالۂ دل کا
آپ زندانیوں سے پوچھی تو — غل سنا تھا کبھی سلاسل کا
آتش گل تیرا ٹھکانہ ہے — گھر سلامت رہی عنادل کا
ٹوٹتا ہی بدن بدن میرا — ذرہ ہی ہاتھ پاؤں ہلکا
چلتے چلتے جو تھک گئی اعظم
نظر آیا سواد منزل کا

روز ازل جو پیکر انسانکو سر ملا — جو جسقدر تھا در خور اوسی قدر ملا
جسکو غبار روضۂ خیر البشر ملا — آنکھوں کو روشنی ہوئی کحل البصر ملا
ڈھونڈھا تو تجھکو کرون مین دل نے جگر ملا — تیر نگاہ ناز میں اپنا جگر ملا
اللفت پڑا ہے ذائقہ دوستی کو چکھ — میٹھا جو چاہتا ہے تو دونی شکر ملا
معشوق بھی ملی تو مین نازنین ملے — نازک بدن کوئی کوئی نازک کمر ملا
بالکل ہوئی خراب عمارت کی آرزو — جب یہ سنا کہ خاک میں کسرا کا گھر ملا
فیاض سے بخیل بھی ہوتا ہے فیض یاب — موسیٰ ہی کا سبب تھا جو قارون کو زر ملا
کم کا گلہ کیا نہ زیادہ طلب کیا — سکائی اوسمین راہ جو زاد سفر ملا
استغنا کیے جو صانع قدرت نے منعم — سودا بھرا تھا جسمین وہ ہے ہاکو سر ملا
ڈوبا تھا خط جو آب ندامت کے درمیان — تر دامنوں کو نامۂ عصیاں بھی تر ملا
خانہ بدوش روح کیے باعث آدمی — جب مر گیا تو خاک میں رہنے کو گھر ملا

تاریک رات مین جو ہوئی یار کی تلاش
چمکے میرے نصیب وہ رشک قمر ملا

آئینے مین بے سبب نہین اوسنی لگائی چشم
بیشک دعا کی حرز کو باب اثر ملا

چپتے سے یار رکھتا ہی خم ٹہوک ٹہوک کی
کچھہ حوصلہ جو ہو تو کمر سے کمر ملا

آیا جو خط یار تو ہمکو یقین ہوا
تعویذ حرز نسخہ درد جگر ملا

آعظم تمام صاحب جوہر ہین آدمی
دنیا مین بے ہنر نہ تجہی کو ہنر ملا

پہنچا کوئی جو بندہ سے لے کر بلا ہوا
پایا ارم مین قصر زبرجد بنا ہوا

ستے جو برخلاف ہوا ای رسول پاک
سیدھا گیا سقر کو وہ مرتد بنا ہوا

بنیاد ہی زمین سے صنوبر کی باغ مین
اوترا ہی آسمان سے تیرا قد بنا ہوا

غم جانتا ہے میری دل بیقرار کو
بیٹھا ہون اپنے گہر مین سر آمد بنا ہوا

بندہ ہی اوسکی ہمہ تن چشم آرزو
جس جا ہی نقش پای محمد بنا ہوا

بعد فنا جو قبر پہ اونکا گذر ہوا
بگڑے ہمارا دیکھ کے مرقد بنا ہوا

ممکن ہے کوئی وادی وحشت نہ بن سکے
مین تو ابہی ہون واقف سرحد بنا ہوا

منت میری زبان سے کرتی ہین اود
مین سر سے پاؤن تک ہون خوشامد بنا ہوا

ایدل خفا ہوئی وہ تری اضطراب سے
ظالم بگڑ گیا میرا مقصد بنا ہوا

بنت ری کا محتسب نے پیالا کیا خراب
توڑا ہمارا جام زبرجد بنا ہوا

سرمہ ہی چشم حور و ملک مین پانک خاک
ہے جس زمین پہ روضہ احمد بنا ہوا

بوسہ دیا تو ای میری دلدار کیا ہوا
اسمین بھلا خسارۂ سرکار کیا ہوا

بگڑا میرا مزاج جو ٹھنڈی ہوا چلی
سودا ہوا بہار کا آثار کیا ہوا

ایسا ہما ہے شوق سے بیباک کر دیا
اب پوچھیے نقاب رخ یار کیا ہوا

رکھتا ہی اسطرح سے کوئی راہ مین قدم
دیکھو تو حال عاشق رفتار کیا ہوا

عاشق زوال حسن مین پوچھینگے آپسے
وہ ناز دلفریب میری یار کیا ہوا

اب عشق کا پتہ ہے نہ ہی حسن کا پتا
وہ دل کدھر گیا وہ دل آزار کیا ہوا

دیوان در مینا یار سے نے اچھا کیا حجاب
تو بند وبست رخنۂ دیوار کیا ہوا

عبرت یہہ کہتی ہے لحد بادشاہ سے
جو دبدبہ تمہارا آپکا سرکار کیا ہوا

جب دن ہوا تمام تو آئی شب وصال
اعظم کو رد ذبح سزاوار کیا ہوا

محیط جام کو بزم شراب مین دیکھا
اسی کا دور جہان شراب مین دیکھا

جو نور یار کے حسن شباب مین دیکھا
نہ طور مین نہ رخ آفتاب مین دیکھا

نہ کی کسی نے کسیدن ہماری دلجوئی
ہزار بار ہمین اضطراب مین دیکھا

خیال باندھ کے سوتے تو دیکھتے انکو
ہمین تو نیند نہ آئی نہ خواب مین دیکھا

وہین سے کوچہ جنت کا راستہ پایا
عجیب فیض در بوتراب مین دیکھا

سمند ناز تمہارا ہوا مین پھر آیا
میرا غبار جو لپٹا رکاب مین دیکھا

اثر سے عشق کے لیلی بھی ہو گئی بیتاب
کمال قیس کو جب اضطراب مین دیکھا

رخ اونکا راتکو اچھی طرح نہ دیکھ سکے
سحر کو روشنی آفتاب مین دیکھا

غرور حسن سے بیباک ہوگئی ایسے
کبھی نہ آپکا چہرہ نقاب مین دیکھا

ہوئی ضعیف تو طاقت نہ تھی مجھے ابلا
مزاج اور ہی اس انقلاب مین دیکھا

شب وصال جو زلفونکو چھو لیا مین نے
تمام رات اونھین پیچ و تاب مین دیکھا

کیے جو آپنے ناموسکا تیان عمل
تمھین کہو کہ ہمین کس حساب مین دیکھا

کبھی نہ جانب قبلہ بسر نیاز جھکا
کبھی نہ پاؤن کو راہ ثواب مین دیکھا

یقین نہین مجھے اعظم کی پارسائی کا
اوسی تو آج ہی بزم شرابمین دیکھا

نظر اوٹھا کے نہ دیر خراب کو دیکھا
کبھی جو آنکھ تو ہم نے حباب کو دیکھا

ہوا ہے موسم و دور شراب کو دیکھا
چمن مین پھول فلک پر سحاب کو دیکھا

بلا مین کی نہ بیری عباس نے مددگاری
حمایت خلف بوتراب کو دیکھا

اوٹھایا پردۂ عارض کو آرزو نے مری
سوال کر کے رخ لاجواب کو دیکھا

کہا کسی نے یہ بوڑھا ہی چاہتا ہی تمھین
کبھی مجھے کبھی اپنے شباب کو دیکھا

سر اغیار جو تھا گرد راہ کیے پھرا اون
سوار رخش ادا کو عتاب ہمکو دیکھا

رہے حضور تو پردے مین بھی کھلی نیند ون
نقاب مین بھی نہ بند نقاب کو دیکھا

ہمارے شوق نے جامہ سے کر دیا باہر
شب وصال تمھارے حجاب کو دیکھا

ہزار شکر میرا انتظار کام آیا
نگاہ شوق نے خط کے جوابکو دیکھا

کسیکے چہرۂ روشن کے دھیان مین اعظم
تمام رات رخ ماہتاب کو دیکھا

شکوہ ہی رفتگان مقام بعید کا — ایسے گئی کہ خط بھی نہ بھیجا رسید کا
ہر چند مستحق ہون عذاب شدید کا — پر آسرا ہی بخشش رب مجید کا
شادی کی دھوم آج کنشت بتان مین ہے — برپا ہی حشر خون مسلمانکی عید کا
جلوی مین آفتاب بنا میری واسطے — دیکھو کمال نیر بخت سعید کا
ہر چند مجھ فقیر کا بستر نہین درست — تکیہ ہی پر حمایت رب مجید کا
اپنی کہین گے اونکی زبانی سنین گے ہم — موقع کہین ملیگا جو گفت و شنید کا
وہ آتے آتے فاتحہ خوانی کو پھر گئے — ذرہ چمک کے رہگیا خاک شہید کا
آسان نہین ہے چشمۂ حیوانکی جستجو — مشکل ہی ڈھونڈھنا دہن ناپدید کا
اب دیکھنے کو آئیے دم بھر کیواسطے — آنکھون مین دم ہے آپکے مشتاق دید کا
سن لیجئے کہ نخل تمنا ہرا ہوا — جھونکا چلا کوئی جو ہوائے امید کا
ہم مست لڑکھڑا ہی تو ساقی نے یہ کہا — ای پیر ہاتھ تھامئی اپنے مرید کا
قلاش دوسرا نہین مجھسا حریص قوت — توشہ لیا فقیر نے بابا فرید کا
وقت سوال ای دل مستغنی المزاج — مالک تو ہی ہی قفل دہن کی کلید کا
قاصد کا کام لیجئے پیک خیال سے — بیٹھے کریگا دور کے رستہ بعید کا
داہو رہی ہین نرگس بیمار کیطرح — آنکھونکو اور روگ لگا اونکی دید کا

سے آپ سے جو خانۂ دل کیا مجال ہے
لکھوا لیا ہے تمنے قبالہ خرید کا

موقع تو خوب یار سے ملنے کا ملگیا
اعظم کو کیا سعید ہوا روز عید کا

خبر نہیں کہ کہا ہے نے اضطراب میں کیا
نہ یہہ سنا کہ کہا یار نے جواب میں کیا

ابھی ہی قاتل عالم ہو تم لڑکپن میں
غضب کروگے ستم ڈھاؤ گے شباب میں کیا

بنے بگڑتے ہیں بگڑے ہوئے سنورتے ہیں
تمہیں بتاؤ کہ ہوتا ہی انقلاب میں کیا

کبھی جلیگا نہ سینہ حرارت دل سے
لگے گی آگ بھلا برج آفتاب میں کیا

خموشی لب اظہار کا سنا ہی حال
بھلا کہیں گے سخن آفریں جواب میں کیا

چھپا سکے ہیں نہ چھپے اونکی عارض پرنور
تمام رات چمکتے رہے نقاب میں کیا

گرانی دیتا ہی پست و بلند دنیا کا
قدم بڑھا کی دیر میں ہم رہ ثواب میں کیا

بدن حرارت درد نہاں سے جلتا ہے
دل برشتہ نے ڈالا ہمیں عذاب میں کیا

جو بادہ کش ہیں اونہیں کیا غم تہی دستی
نہ بہک دیگا کوئی کا نشہ شراب میں کیا

نکھیگا ابھی کیا نظیر باغ ارم
نہ آئیگا میرے خانہ خراب میں کیا

فنا کیے بعد رہے چین سے زمین کے تلے
جوار مرقد ابو تراب میں کیا

ہوئی جہان میں نہ اہل جہانکو آسائش
کسی کو چین ملی خانہ خراب میں کیا

مغالطہ میں پڑا ہوں میں ناتوانی سے
خبر نہیں ہی کہ لپٹا ہی فرش خواب میں کیا

بلا گیا نہ مریض فراق سے دن بھر
تڑپ کی رات بسر کی تھی اضطراب میں کیا

کہلی ثبوت دہن مین نہ منطقی کی زبان | جگہہ سخن کے ہی تقریر لاجواب مین کیا

تمام عمر مین دم بہر جو ملگیا وہ بہم
بس اور چاہیے اعظم کو اضطراب مین کیا

سو سو طرح سے کیجیے پردا نقاب کا | لیکن کبہی نہ حسن چہپے گا حجاب کا
ساغر جو ہمنے پہینک دیا تہا شراب کا | ساقی اوسی کمال ملا آفتاب کا
بدلا ہوا ہی رنگ ہوا سی سحاب کا | ساقی چلے چمن مین پیالہ شراب کا
اب اندنون تو کیجیے پردا نقاب کا | کچہہ بندوبست کیجیے حسن شباب کا
پہر سینہ کیجیے سپر گستاخ ہاتہہ سے | اوڑجائی جہنکیون مین نہ جوبن جناب کا
درد دل حزین سے جگر ہوگیا لہو | تہا رنگ آج اشک روان مین شہاب کا
دن بہر جلا کرے جو تمہاری تلاش مین | لادی کوئی کہان سے جگر آفتاب کا
توڑین گے ہم جو سلسلہ اشک چشم نم | خشکی مین ڈوب جائیگا بیڑا حباب کا
صحبت جو دیکہتا ہون کہین بادہ نوش کی | ملتا ہی کچہہ پتا میری بزم خراب کا
می بے گزک چڑہا گیے پوچہی نہ اوسکو بات | بہونا شرابیون نے کلیجہ کباب کا
نغمہ جہان تہا زمزمہ سنجان باغ کا | آج اوس چمن مین شور مچا ہی غراب کا
اوسجادہ پر ہی بادۂ انگور کا قلم | جس طاق پر مقام بنا تہا کتاب کا
اہل عدم بہی کرنے لگے مجہسے احتراز | بگڑا ہوا تہا مین جو جہان خراب کا
ہمنے تمہارے سامنے دیکہا ہی بانظیر | منہ زرد ہوگیا ہی گل آفتاب کا

تنکا بھی بے کہے نہ سکیگا اوٹھائیو
اعظم خیال چاہیے روز حساب کا

کا نہ ہے یہ ڈوپٹہ تو ہی ٹکانہ کسیکا
در پردہ ہوا آپسے یارا نہ کسیکا

سمجھانا بھی ہے سودے جانا نہ کسیکا
تم چھوڑ کے بیٹھو گے نہ یارانہ کسیکا

خورشید کا بچہ ہو کہ شاخ شجر طور
لاؤں نا ترے گیسو کے لیے شانہ کسیکا

ساقی نے کہا کیوں مجھے مردود ٹھہرایا
شیشہ کوئی توڑا ہی نہ پیمانہ کسیکا

ہو جائی تو ہو جائے میری ترک ملاقات
چھوڑو نہ میرے واسطے یارانہ کسیکا

تم کر لیے ہو آباد کسی اور کے گھر کو
برباد ہوا جاتا ہے کاشانہ کسیکا

وہ رات کو کہتا تھا میری سنکی کہانی
ایسا نہ سنا تھا کبھی افسانہ کسیکا

یوسف جو ہوئی قید تو کہتی تھی زلیخا
زندان نظر آتا ہے میری خانہ کسیکا

ساقی نے مئی صاف و کدر سبکو عطا کی
ہمکو نہ دیا ایک بھی پیمانہ کسیکا

کھلتی ہی تو آجاتی ہی تو دوش کے اوپر
ای زلف نہ ہو کچہ جائے کہیں شانہ کسیکا

ای پیر مغان ہوش تجھے ہے کہ نہیں ہے
دیتا ہی کسی اور کو پیمانہ کسیکا

نہ ربط کسی سے نہ جدائی ہے کسی سے
بندہ نہ یگانہ ہے نہ بیگانہ کسیکا

ہوشیار قدم خانہ خمار مین رکھنا
توڑے نہ سبو لغزش مستانہ کسیکا

کس ناز سے ساقی نے کہا انکو ہے
لیلے میرے ہاتھوں نہیں ہی پیمانہ کسیکا

دیکھا جو بے مجھے سعد عرض تمنا
خود چھیڑ دیا یار نے افسانہ کسیکا

کہتا ہی جو آتا ہے میرے دشمن مجنون — ہی خوب جنون خیز یہہ ویرانہ کسیکا
ہر چند کہ سودائیونکو قید مین رکہا — قابو مین نہ آیا دل دیوانہ کسیکا
کرتے ہین یہہ اظہار شناسائی خط جام — ہی ساغر جمشید بہی پیمانہ کسیکا
دل غمکدہ کا سہتا نا ہی خوشی آ نہین سکتی — ممکن ہے کہ چہینے کوئی کاشانہ کسیکا
تم دوستی غیر پہ بہولے ہو میری جان — نبہنے کا نہین آپسے یارانہ کسیکا
میخانہ مین ہے کیون میرے آنیکی منادی — کیا چہین لیا ہاتہہ سے پیمانہ کسیکا
مفلس کو بہی خیرات مین دی بادہ گلگون — دل توڑا نہ اپنے ساقی میخانہ کسیکا
رہنے کی جگہہ خانہ بدوشون کی نہ پوچہو — مسکن ہے نہ منزل ہی نہ کاشانہ کسیکا
جس طرح ہے یہہ خانہ دنیا سے سدہارے — یون کوچ ہو اپنے سر و سامانہ کسیکا
برباد ہوئی ایوان فریدون کہان حال — نہ قصر رہیگا نہ یہہ کاشانہ کسیکا
چاہیے کہ رہے عالم فانی مین سبکدوش — احسان نہ اوٹہا ہمت مردانہ کسیکا
موسی کو غش آئے کہ گرے طور پہ بجلی — تو پاس نہ کر جلوہ جانانہ کسیکا
آواز بہی اسکی کوئی بیہودہ نہ سمجہے — دم بہرتا ہے ناقوس صنم خانہ کسیکا
روندا جو اسے روندینگے وہ اون خلق کے — کچہہ پہول نہ تہا سبزہ بیگانہ کسیکا

عادت جو کرو ناز اوٹہانی کی تو اعظم
کچہہ روز نبہی آپسے یارانہ کسیکا

رشک چراغ طور دہ جانانہ ہوگیا — عاشق مزاج صورت پروانہ ہوگیا

جلوون سے ہینے مانگ کی بی مجھ بہی سے — دست طلب بہیرے لیے ہمپا نہ ہوگیا
کیا پوچھتے ہو طالع خفتہ کا ماجرا — خوابیدگان خاک کا افسانہ ہوگیا
جا نمین بہی یہ فیض ہی بادۂ بہار سے — ہشیار رہیے لباس مین دیوانہ ہوگیا
گردن جہکی یہ دست درازی سے سر سے — سر سے بہی کچہ بلند مرا شانہ ہوگیا
ہر بہینے سے جا بجا کے بہلا کیا تمہیں ملا — ہان یہ ملا کہ غیر سے یارانہ ہوگیا
دیسی ہی ہوئی ہی یار سے مجکو مفارقت — مجھسے جدا مرا دل دیوانہ ہوگیا
تقدیر مین لکہی تہی ہمارے برشتگی — دل جلوۂ جمال کا پروانہ ہوگیا

ای یار ہمنے خوب سنا ہی کہ اندنون
اعظم سے اور آپ سے یارانہ ہوگیا

شرم رو سیاہ مین رکہنا — یا الہی پناہ مین رکہنا
نقش خرام ناز پا گہہ — جادۂ رسم و راہ مین رکہنا
سر پہ اچہلا ہے دیوانہ — ای نگولو نگاہ مین رکہنا
دہیان رکہنا ہی منہ پاسکا — کسوی کا نشانہ راہ مین رکہنا
جسم کہتے تو ہو گنہگار ہو — دہیان فرد گناہ مین رکہنا
تم چلے آتے ہو ہمارے پاس — غیر کو اشتباہ مین رکہنا
دیکہتے ہین بری نگاہ سے — چشم بد مین نگاہ مین رکہنا
نسبت حسن عارض جانان — روشنی مہر و ماہ مین رکہنا

گر دیا ہی مجھی دل نالان — اثر جذب آہ مین رکھنا
عرض شاہ جنون سے کرتا ہون — میری عزت نگاہ مین رکھنا
عقل و ہوش و خرد نہون باہم — تفرقہ اس سپاہ مین رکھنا
جسم رکھنا نہ میرا جامہ مین — سر نہ میرا کلاہ مین رکھنا
ای میری یار اپنے اعظم کو — زمرۂ خیر خواہ مین رکھنا

خرام ناز سے دل سیتے ہو راہی کا — غرور سر مین سمایا ہی کج کلاہی کا
قلم لکھے تو لب لعل گو شگاف نہ — ابھی تو رنگ بدل جائیگا سیاہی کا
کترا یہ تھا میری گردن کی طوق کا لوہا — گلا تو زیور جنگی بنا سپاہی کا
میری دعا سے ترقی ہوئی ہی جو بنکی — تمہارے ہاتھ نتیجہ ہے خیر خواہی کا
بڑھی ذقن سے خط روئی یار کی قیمت — زیادہ ہوتا ہی محصول کشت چاہی کا
تمہارے دزدکشون کے لیے گزک ہووے — اگر کباب " ہو سر سو ریگ ماہی کا
جو قدردان کوئی جوہر شناس تہا نکلا — بنا دینگیا بگڑی ہوئی سپاہی کا
میرے جہاز کا ہی ناخدا رسول خدا — نہ ڈوبنے کا الم ہے نہ غم تباہی کا
انہین بنائے رضامند ظالمو کر تو — ستم کشون کا ارادہ ہے دادخواہی کا
وہ بے نقاب ہی آئے تو ہم نہ دیکھ سکے — گلہ ہے دیدۂ بینا کی کم نگاہی کا
قسم ہے کعبہ مقصد کی آدمی تو کیا — تمہارا نام وظیفہ ہے مور و ماہی کا
یہان تلک ہوئی کسرا کی خانہ بربادی — ستان ہی بیٹھ گیا ہی جلوس شاہی کا

خدا نے تاج شفاعت عطا کیا انکو
جزا کا دن ہے محمدؐ کی بادشاہی کا

پڑا ہوں سوچ حوادث کی ٹھوکروں کے تلے
مجھے جہاز کہا چاہیے تباہی کا

ہمارے جرم خطا کے ثبوت کو اعظم
قرار عضو بدن نے دیا گواہی کا

مشکل مری حل ہوگی ہے ورد ثنا انکا
ہے نام ید اللہ مرے عقدہ کشا کا

مولا کو جو پوچھے گا کوئی تو میں کہونگا
مولا مرا مولا ہے شہنشاہ و گدا کا

حاصل ہے تجھے اوسکی غلاموں کی غلامی
کونین میں دم بھرتے ہیں سب اوسکی ولا کا

پیدا جو نبی اوسکا نہ ہوتا تو نہ ہوتا
اخلاط میں آدم کی گذر آب و ہوا کا

وہ ہے میرا مولا مطب فیض میں جسکے
جاری ہے مسیحا کی طرح حکم شفا کا

آہن کی گدازی کی لیے ہمسر داؤد
حامل صفت حضرت ایوب بلا کا

مہمان نوازی میں خلیل جزو اوکا
اخلاق میں ہم خلق رسول دوسرا کا

ہر وقت رہے تابع فرمان الٰہی
دم بھرتے رہے احمد مرسل کی ولا کا

آنکھوں سے پیمبر کا بجا لاتے ہیں ارشاد
کہتے ہیں کہ ہے حکم نبی حکم خدا کا

گلزار میں اوسکا رخ گلرنگ جو دیکھیں
بلبل کی طرح شوق ہو غنچوں کو نوا کا

بے فصل جو چاہے کہ بہار آئی چمن میں
تو کام وہ لے باد مخالف سے صبا کا

طوفان میں ہوا نوح کی کشتی کا نگہبان
دریا میں محافظ ہوا یونس کی بقا کا

ہر طرح ہے اسرار الٰہی سے خبردار
ہر راز میں ہمراز رسول دوسرا کا

سلمان کو بیابان میں ازرہ کی بچایا
اوس شیر سے جو شیر تھا صحرائے بلا کا

سائل کو نہ پھیرا کبھی دروازے سے محروم
غم کھاتا تھا فاقہ جو سنا تھا غربا کا

آزاد کیے قید مصیبت سے ہزاروں
خود بندہ رہا حلقۂ تسلیم و رضا کا

روزہ میں بھی بیٹھے رہے فاقے سے ولیکن
حصہ کیا سائل کو عطا اپنی غذا کا

خاک در دولت کو جو پاتے ہوں اوٹھا کے
داماں وہ بھرے گوہر مقصد سے قبا کا

آنکھوں سے لگا دیں اوسے ارباب بصارت
نقشہ نظر آجائے جو نقش کف پا کا

حشمت کو جو پوچھو تو شہنشاہ دو عالم
دیکھو جو فقیری کو تو مرشد فقرا کا

جو حشمت دنیا کا طلبگار ہوا دیں سے
اسباب وہیں ہاتھ لگے تاج و لوا کا

ہر ایک تلفظ میں ادا کرتے ہیں تقریر
کر دیتے ہیں لب بند جہاں کے فصحا کا

گر واسطۂ قبلۂ حاجات نہ ہوتا
ہوتا نہ گذر باب اجابت پہ دعا کا

کہتے تھے کہ ہے حلۂ جنت مجھے کافی
پابند ہوں جامہ کا عبا کا نہ قبا کا

سمجھے ہو تو خاموش نہ سمجھے ہو تو سن لو
لو نام بھی لیتا ہوں شہنشاہ علا کا

اللہ کا ہمنام علی نام ہے اوسکا
ساقی بھی اوسے کہتے ہیں کوثر کے عطا کا

وہ نام ہے زخمی کے لیے مرہم جاں بخش
وہ نام ہے تعویذ مریضوں کی شفا کا

وہ نام علاج دل بیمار حزیں ہے
وہ نام دوا ہے مرض ہوش ربا کا

اعظم کی بھی احوال پہ اب کیجیے الطاف
پابند ہے یہ رنج و مصیبت کا بلا کا

مولا میرے اب مجھکو عطا کیجیے تسکین
کھٹکا نہ رہے دل میں یہ خوف و رجا کا

تیز پروازی کو جذب شوق شہپر ہوگیا — خط بہار اقوت بال کبوتر ہوگیا
جو کہ اسفل تہا وہ اعلی کی برابر ہوگیا — آبلہ داغ سر سودا کی ہمسر ہوگیا
جادۂ رہ زلف کے سودے مین اژدر ہوگیا — وادی وحشت مین صحرا کے ابر تر ہوگیا
ابروؤن نے خوب لکہین صفحہ رخ پر سین — حسن مطلع مطلع اول سے بہتر ہوگیا
ایک ساعت بہی نہین ٹلتا دل ناکام سے — ان بتون کا دہیان بہی چہاتی کا پتہر ہوگیا
عکس نقشون کا نہا نہین جمع یا وہ سر کرا — زانونکی آئینہ مین صفا جوہر ہوگیا
کیا کہون تجہسے عزیز دسر گذشت حسن عشق — مین دل و جان سے نثار ناز دلبر ہوگیا
جرعہ می سے ہوئی ثابت خطا تم کشی — یہہ صغیرہ بہی کبیرہ کی برابر ہوگیا
ناتوانی سے ہوا ہون مین وہ پابند بلا — حلقہ نقش قدم بہی جسکو لنگر ہوگیا
دیر کے حیرتکدہ مین ہو نہین الیساز شت کار — آئینہ بہی جسکی صورت سے مکدر ہوگیا
اوسکی تر گانکی تصور کا اثر تو دیکہیئے — عارضہ ناسور کا سینہ کے اندر ہوگیا
ہر بار تفرقہ ہی تو ہر بار اجتماع

پردہ کا کر رہا ہی وہان ناز بند و بست
یہاں کر رہے ہیں طالب دیدار اجتماع

ایکدن تو عام خاص میں تشریف لائے
ہو جائے ایکدن سر بازار اجتماع

اعظم کو بار ملتی نہیں عرض حال کی
غیروں کا در پہ رہتا ہی ہر بار اجتماع

خون چاٹ چاٹ کر دم خنجر ہے باغ باغ
بیسر کے لوٹنے سے ہے یہ خود سر کا باغ باغ

گلشن میں چل رہی ہے نسیم طرب فزا
بلبل ہی باغ باغ گل تر ہی باغ باغ

صحبت ہی قدر دان کی ہر ایک شے کو مغتنم
ساقی کے دست پاک میں ساغر بھی باغ باغ

گلشن میں کر رہی ہے تیرا ذکر فاختہ
سن سن کے تیرا نام صنوبر ہے باغ باغ

راحت میں آپ ہیں تو ہمیں بھی نشاط ہے
تم ہو خوشی خوشی تو یہ مضطر ہی باغ باغ

دل اسقدر فضا سے چمن نے کیا نہال
وہ تنگ باغ باغ کے اندر ہی باغ باغ

بزم مشاعرہ بھی ہے جا طرب فزا
سامع خوشی خوشی ہی سخنور ہے باغ باغ

اسباب ظاہری کو بھی رونق ہمیں سے ہے
تم خوش ہوئے ہمیں کی تو زیور ہے باغ باغ

مسجد میں سن لیا جو واعظ سے تیرا ذکر
محراب خندہ زن ہے تو منبر ہی باغ باغ

تنہا نہیں ہی صحن چمن میں شگفتگی
اس غیرت بہار سے گھر بھی ہے باغ باغ

کس گل کے دیکھنے سے تم اعظم ہوئے نہال
کچھ اندنوں جمال منور ہے باغ باغ

ہر آہ کے ہمراہ نکلتا ہی دھواں صاف
لو دیکھ لو حال دل سوزاں ہے عیاں صاف

ہیں عاشق گیسوے معنبر یوں عجب کیا
عنبر کی سی بو دے میری آہوں کا دھواں صاف

خلخال کی آواز پہ ہے صور کا دھوکا
قد سے تری ہوتا ہے قیامت کا گماں صاف

اعجاز سے خالی نہیں تقریر تمہاری
دی تمہیں اللہ نے عیسیٰ کی زبان صاف

وہ شوخ جو گلشن میں ہوئیں تانی نکلا
بسمل کی طرح لوٹ گئی سبزہ جوان صاف

تقدیر سے اولٹی ہوئی تدبیر دل زار
دریا پہ گیا ہو گیا مجکو خفقان صاف

دہویا گیا محشر مین میرا نامہ اعمال
لکھا گیا دنیا مین ہوا جا کے وہان صاف

لعل لب جانان پہ نہین رنگ مسی کا
ہیہ آتش یاقوت سے اوٹھتا ہے دہوان صاف

ایسا ہی شب غم کا اگر طول ہے اعظم
گہبرا کے نکل جائیگی ایکدن مری جان صاف

لبد فنا بہی ہے اسے ٹہوکر کا اشتیاق
دیکہو تو اپنے کشتۂ خنجر کا اشتیاق

تکیہ سے آشنا نہین ہوتا مین راتدن
ایسا ہی مجکو زانوی دلبر کا اشتیاق

جام شراب ناب کو منہہ سے لگا کے
بر لاے کبہی لب ساغر کا اشتیاق

ایماے چشم یار سے ثابت ہوا ہمین
تیغ نگاہ یار کو ہے سر کا اشتیاق

طالب ہون ایسا دولت دیدار یار کا
مفلس کو جسطرح سے ہے کہ سونے کا اشتیاق

لیجائیگا مقام تمنا مین خضر دل
اس راہ مین نہین مجہے رہبر کا اشتیاق

آئے نہین ہین اپسے دولت سرا مین ہم
لاتا ہے کہینچ کہینچ ترے در کا اشتیاق

یا شاہ کربلا مجہے جلدی بلائیے
اعظم کو بہی ہے روضۂ انور کا اشتیاق

مٹی ہی گر نجیل سے ہے مین کیمیا کی خاک
سونا ہے دست صاحب جود و عطا کی خاک

گلشن تیرے رشک سے اے کربلا کی خاک
پردہ مین بو کے چہرۂ گل سے اڑا کی خاک

تحریک کچہہ ضرور نہ تہی انکو ان سے
جنگل مین لیے ہوا میری مرقدون اڑا کی خاک

بیٹھا جو کوئی آکے وہان وہ غنی ہوا
اکسیر ہوگئی در دولت سرا کی خاک

گرد سم سمند کا تیرے گمان ہوا
پردی مین گرد باد کی دہوکا دیا کی خاک

چلتی ہی انقلاب کی دنیا مین جب ہوا
شاہونکی سر پہ پڑتی ہی پائی گدا کی خاک

اللہ رے اشتیاق کہ کوچہ سے یار کی
اوڑتی نہین ہی کشتۂ ناز و ادا کی خاک

ساقی نے شیشے کہولکی رکہی غضب کیا
اوڑا اوڑ کی آفتاب سے اوپر ہوا کی خاک

روئی زمین پہ تو جو کریگا خرام ناز
مین طوطیا کرونگا تیری نقش پا کی خاک

دامن بہرا صبا نی عبیر ادسے
اوس گل نے جب وہ تار کیے جہاڑی قبا کی خاک

ایخضر مجہکو چشمۂ حیوان نچاہیے
آب بقا ہی میرے لیے کربلا کی خاک

ای آسمان ابتو کدورت سے درگذر
چہنوائی تو نے مجہسے بہت جابجا کی خاک

برباد گر کیا ہی تو اتنا تو کر فلک
گیسو پہ اوڑکے جا پڑی اسیر بلا کی خاک

اعظم جو خاک ہو تو بحق ابو تراب
یا تو نجف کی خاک ہو یا کربلا کی خاک

تیر نگہ خون سے دم عزم شکار رنگ
لا صید گاہ عشق مین ای شہسوار رنگ

گر چاہتا ہی صید معانی کا مشغلہ
صیاد میرے خون سے دام شکار رنگ

رودیا میرے مقابلہ مین گر فلک لہو
ہوویگا آنسوونکا مرے آبدار رنگ

ہین رفتہ رفتہ خاک رہ عام ہوگیا
لایا ہی آخرش میری دلکا غبار رنگ

روشن ہی جیسے پردۂ فانوس مین چراغ
یون ہی تہ نقاب تیرا آشکار رنگ

ہمنی جو آکے گلشن ہستی کی سیر کی
دیکھا ریاض دہر کا ناپائدار رنگ

خون شہید دست نگارین سے لال کر
پائی حنا طلب کو بھی اب اسی نگار رنگ

حسن لطیف سیر کے قابل ہی یار کا
رد غیرت چمن ہی تو رشک بہار رنگ

اللہ رے نازکی جو نقابین لیا اوسے
کچھ اور ہوگیا دم بوس و کنار رنگ

اودگی دامن قاتل سے کبھی نہین
لاویگا میری خون کا ایکبر و دبار رنگ

ساقی شتاب بادۂ گلگون کا جام دے
لائی ہے کیفیت کا نسیم بہار رنگ

ہوگیا وہ خود تیرے پاؤن کو دیکھکر
دزد حنا بہی ہے نکالی نگار رنگ

کہتا ہے مجکو دیکھکے نیرنگ آسمان
ہوا ایسے عارضون پہ شفق کا نثار رنگ

اعنظم بقول حضرت مظلوم ابکی سال
کیا کیا مچا رہی ہے چمن مین بہار رنگ

ہین وحشیون مین ہم تو گنہگار سے الگ
اسواسطے کہ پاؤن پڑے خار سے الگ

افشان ہی اونکی ابرو خمدار سے الگ
جوہر دکھائی دیتے ہین تلوار سے الگ

دربان تمہارا مجکو اوٹھاتا ہے کسلئے
بیٹھا ہون مین تو سایۂ دیوار سے الگ

کثرت مین کم نہ جانیے انسان کی بود کو
قطرہ نہین ہیہ قلزم زخار سے الگ

مرکز مرا ہے جادۂ نگاہ سیدھا چلا ہوا
رکھتا ہون اپنی چال مین پرکار سے الگ

اسواسطے کہ میرا خریدار کون ہے
گذریگا قافلہ مرا بازار سے الگ

پہلا طلسم توڑ ہی شرم و حجاب کا
پردہ کو آج کیجیے دلدار سے الگ

روح رواں ہوئی تھی یہہ کہکر شریک تن
ہو جاؤنگی مین منزل دشوار سے الگ

یہہ تو کہو کہ کون کریگا وفائی قول
تم تو ابہی ہی ہو گیے اقرار سے الگ

پوچھو نہ اپنے ابروئے خمدار سے غبار
جو سر یہہ ہی ہنو ویگا تلوار سے الگ

دیکھو کہان سے آتا ہی پانی نصیب کا
ہوتی ہی سیب ابر گہربار سے الگ

اچھا ہوا کہ غیر کے ذمہ رہا قصور
مین بچگیا نتیجۂ تکرار سے الگ

مجہہ خانمان خراب کو کوسون سے دیکھکر
سایہ بہی بہاگ جاتا ہے دیوار سے الگ

اپنا تو قول ہے کہ قیامت ہو کبہی
فتنہ اگر رہے تیری رفتار سے الگ

ہم وحشیون کی سر کو الہی بچائیو
پتھر ہوے ہین دامن کہسار سے الگ

اب تو یہہ حکم ہے کہ نہ آدے وہ سامنے
اعظم کہڑا ہو رخنۂ دیوار سے الگ

دیکھتے رہتی ہی دریش نگاہو کب تک
جستجو یار کی دوڑاتی ہی ہر سو کب تک

راہ دیکھے نہ صبا کو بہی سر مو کب تک
تم چھپاؤ گے پرستار سے گیسو کب تک

دل بیتاب کو بیتاب نہین کسدن آرام
چشم خونبار سے تھمتی نہین آنسو کب تک

اس توقع پہ سبہی جاتے ہین ایذا ہم بہی
دیکھتے ہین کہ بدلتی ہی تری خو کب تک

ضبط گریہ مین غم یار سے جیتے یہہ کہا
دیکھنا ہی کہ نکلتے نہین آنسو کب تک

یار دیکھے گے تری چشم سیہ کا دہوکا
دوڑے آتے ہین سب مجھ سے وحشی آہو کب تک

نکہت زلف سے سودا نہین جاتا سر سے
دیکھئے مغز مین رہتی ہے یہہ خوشبو کب تک

دل دکھا دیگی ہم آغوشی جاناں کی ہوس
دیکھیے درد کریگا میرا پہلو کب تک

بانیٔ عالم تری قامت دلچسپ سے یار
سرکشی کرتا ہی شمشاد لب جو کب تک

دیکھیے یار کے جوڑے پہ فدا کرنے کو
ہاتھ آتے ہیں میری نافۂ آہو کب تک

منہ سے یہہ بھی نہ نکالینگے یہہ مظلوم
کہ کھڑی ہوگی عدالت کی ترازو کب تک

رشک ہے اعظم کو تمنا ہے ہم آغوشی کی
اسکی تقریر سے نکلیگا یہہ پہلو کب تک

پڑ گیا داغ رخ مہ میں قمر ہونے تک
لگ گیا عیب بڑا اہل ہنر ہونے تک

منہ کہلے سیپ کا یارب کہیں نیساں برسے
کان محبوب کے خالی ہیں گہر ہونے تک

پیچ وسعت دم کا عقدہ نہ کھلیگا ہرگز
دست گستاخ ہے قابو میں کمر ہونے تک

خلقت حضرت آدم سے یہہ احوال کھلا
بیچ بیکار تھا دنیا کا بشر ہونے تک

عمل خیر کی تدبیر کرو جیتے جی
چاہیے زاد سفر پاس سفر ہونے تک

یہہ نہوگا تو نہوگی کوئی آفت نازل
سب خرابی ہے جہاں میں مرا گھر ہونے تک

دیکھنا دیدۂ یعقوب رہیگا بے نور
سامنے چشم کے یوسف سا پسر ہونے تک

جیتے ہیں آتا ہی کہ یہہ آہ جگر سے پوچھیں
ہم رہینگے دل جاناں میں اثر ہونے تک

صبح کے ہوتے ہی بے نور ہوئی بزم تماشا
تھا تماشا ہی شب عیش سحر ہونے تک

جلوۂ وادی ایمن کا تصدق یارب
چشم روشن رہے دیدار نظر ہونے تک

تم جو جاؤگے تو پھر اسکے نکلجائیگا جی
زندہ رہیگے ہوتی ہی پہلو میں جگر ہونے تک

میری راحت کے دعا مانگیو اپنی زلف سیاہ
تیرے سودا کی جگہہ دہیے میرا سر ہونے تک

اونکا دیدار ہی آنکھون کو میسر ہوگا
حشر گر روز قیامت کے سحر ہونے تک

نام جاینگا لیا آپ کے بیتاب ہون مین
بیٹھے بیٹھے نہ قابو مین جگر ہونے تک

شان رزاقی رزاق تو دیکھو اعظم
رزق مقسوم دیا زیست بسر ہونے تک

دیکھ کر غاشیہ توسن خوشرنگ کا رنگ
ہو گوارا نہ سلیمان کو پھر اورنگ کا رنگ

ہوا چہرۂ محبوب سے غصہ زائل
صلح کے بعد ہی زائل ہوا جنگ کا رنگ

لب شیرین نے تیری کام کیا کیا دم نوش
شربتی کر دیا بالکل قدح بنگ کا رنگ

رات تاریک بنائی ہی تو دن نورانی
دیکھتا ہو نہیں شب و روز عجب ڈہنگ کا رنگ

ترک الفت کا ارادہ تو میرے دلمین نہ تہا
ہو فا تو نی بگاڑا میرے آہنگ کا رنگ

ہو سیاہی سے سفیدی بدل العمر دراز
روز افزون ہو تیری کاکل شبرنگ کا رنگ

تیری خنجر مین لہو دیکھ کے پوچھے جو کوئی
تو یہہ کہدیجیو قاتل کہ یہہ ہی زنگ کا رنگ

تیرا جلوہ دل اغیار کو کر دیے پرخون
لال خورشید جہانتاب کرے سنگ کا رنگ

بوسہ ہائی دہن تنگ کا مشتاق ہو کیون
پوچھتے کیا ہو تمہارے دل تنگ کا رنگ

لائی قسمت جو تیری دشت حمایت مین اوسے
شیر کیطرح ہوا آہوئی پالنگ کا رنگ

سرخ رو ہو دیگا ہر چند سیہ کار ہے یہہ
دیکھنا حشر کے دن اعظم بے ننگ کا رنگ

دیکھیے گا اثر دیدۂ نمناک کا رنگ
ہوگا آبی لبِ مردن بھی میری خاک کا رنگ

عکس اندام سے گلرنگ ہے پوشاک کا رنگ
صاف ظاہر ہے تمہارے بدن پاک کا رنگ

دود آہ شرر افگن تو نہ ہا ہے تاثیر
آتشی کیون نہ ہوا گنبد افلاک کا رنگ

سرخ پوشاک پہنتا ہی وہ بے پیر خاطر
زرد ہوتا ہے رقیبان ہوسناک کا رنگ

خون مقتول سے گر جوش محبت مارا
تو نہ دہو لائیگا قاتل کبھی فتراک کا رنگ

چادر نور کا مشتاق جو ہو شمع کہلے
شب تاریک مین دیکھی تیری پوشاک کا رنگ

کی ہی قاتل نے مگر خاک شہیدان پامال
لال ہی نعل سم توسن چالاک کا رنگ

جوش شادابی انگور سے ٹپکے ہی شراب
سبک تو دیکھتے ہو تم شجر تاک کا رنگ

گرم رفتاری مین کرتے ہو تم اعجاز خلیل
سرخ ہو جاتا ہے نقش قدم پاک کا رنگ

گردش چرخ نہ کیون گردش دامن سو مجھے
آسمانی ہی میری یار کی پوشاک کا رنگ

ہون سیہ کار مین ایسا جو ہون ہاتھہ جام
رنگ ہو بادۂ گلرنگ کا تریاک کا رنگ

باغ جنت مین جو ہوگی ہوس گل اعظم
دیکہ لین گے کفک صاحب لولاک کا رنگ

میرے داغونکو جو صرما ہو تم ہین کیسے پہول
رہے بیہے ہین دیدہ ہین ہاہنان جیسے پہول

ایکدن ان سب کولادین گے وہ اپنی رنگت
اونکی گلگونہ مین سب ملتے نکلینگے لب پینک کے پہول

سچ ہے ہی سختیان کہین انتظار یار نے
ہوگئے بستر کے سارے پہول کی ماسے سے پہول

تیری آنکہونکو جو رغبت کی نگہ سے دیکہ لین
دیدہ اہل نظر کی آنکہ مین نرگس کے پہول

سوز مرجاتے ہین صدہا عاشق ناجستہ
یہہ نتیجہ پایے اونہاین وہ بہلا کب سکے پہول

ایجنون سرسبز ہون نخل مغیلان سیکڑون
جوش وحشت مین دکہاتے ہین تماشا اسکے پہول

پہول ہی اوہٹنیے نہ دیکہے ہینے اوسکے بعد مرگ
دامن مقصود مین دیکہا کیے تہے جسکے پہول

لالی ہی تقدیر اوس گلشن مین سدا پہولن جہان
آہنی شاخین ہنجی پتیان اوسکے پہول

ہاہنیے ای گلرو تمہاری آج آنکہین دیکہکر
دامن نظارہ مین بہر بہرے نرگسکے پہول

حسن رنگین کا تمہارے باغ ہی ہی شیفتہ
خاک مین مل مل گئے ہین آپ پر سنبلکے پہول

عاشق صادق جو مرتا ہی تو مرجاتے ہین وہ
گلشن فردوس مین جو دین کرینگی اسکے پہول

پردۂ برگ حنا مین دیکہئے گا باغ سے
ہاتہ پوسی کو تمہارے آینگے اس رنگ کے پہول

باریسے آویگا ایسے اعظم نہال آرزو
گلشن امید مین پہوسے ہوے ہین اسکے پہول

بہردی میری مغز مین بوی بدن گل
صدقے ترے آینگے نسیم چمن گل

دونون کی صدا ایک ہی گوش شنوا مین
بلبل کا ترانہ ہو کہ ہو وے سخن گل

بہر دیگا وہی دامن مقصود مین گوہر
جیسے وہ شبنم سے بہرا بہرے ہین گل

اندیشۂ صرصر ہے نہ اندیشۂ گلچین
کیا گلشن تصویر ہے دارالامن گل

می مجکو پلاؤن جو ملے ساغر خورشید
سبزی تری چہاؤن تو ملے بیرہن گل

سیرہے دل مردہ کی نہ کی پائے تدبیر
سچ ہے کوئی کرتا نہین شکر کفن گل

پر دیپے نکلتا ہے جو اونکا رخ رنگین
بہرجاتے ہی آنکہون مین مرا انجمن گل

دیکھی نہ کسی میں یہ نزاکت نہ لطافت
اللہ کی قدرت سے بنا ہے بدن گل

ایسا تو نہیں باغ جہاں میں کوئی کمگو
بس ایک چٹکنے کی صدا ہے سخن گل

انصاف یہہ ہے بیچ کے مرغان چمن کو
صیاد کرے باغ میں صرف ثمن گل

ہم جانتے ہیں پوست کو نافہ کی برابر
اپنوں کو ہم کہتے ہیں مشک ختن گل

سوتے تھے کہاں راتکو تم سیج پہ اوپر
موجود بدن میں ہی تمہاری شکن گل

پہولونکا وطن باغ ہی کو جانتے تھے ہم
ہستی نے کہا ملک عدم ہے وطن گل

اوسکا جو اڑا رنگ تو اسکا بہی اڑا ہوش
ہے بلبل بیتاب شریک محن گل

آتے ہیں مجھے دیکھنے مشتاق گلستان
مجکو مرے داغوں نے کیا ہے چمن گل

سودا ہے گذشتہ نہ مجھے یاد دلاؤ
دیوانوں سے کرتے نہیں ذکر کہن گل

معلوم ہوا گلشن توحید میں ہمکو
غنچوں کا چٹکنا ہے صدائے دہن گل

پہولوں میں جو اونکو نظر شوق نے تولا
کانٹے میں مزہ کی ہو اسکیں وزن گل

عاشق ہے کسیکے گل رخسار کا اعظم
کمبخت کو بہاتی نہیں سیر چمن گل

یون تڑپتے ہیں جدا ہوتے ہیں جب دو ملکے دل
جس طرح جیسے بسملان کوچہ قاتل سے دل

آپ کسکسکو نہیں ہیں بزم عالم میں عزیز
اہل محفل سے جگر حضار بر محفل سے دل

دیکھئے تو دیکھا ہے روز ازل سے تمہیں
اپنے سینہ میں نہیں ہے عاشق بیدل کے دل

کارسازی یاد دلواتا ہی تیری ای کریم
صاف عقدے کھول دیتا ہی میری مشکل کے دل

صاف کہدین وہ کلیم طور سے گر پوچھئے
نور کے بگلی ہین ارباب صفا منزل کے دل

تیرنے کی دست دریا مین اب نہین طاقت ہے
بحر غم مین ڈہونڈتا ہی آسرے ساحل کے دل

کسطرح اوسمین نہونا عشق مجنون کا اثر
اثر شوق بہولی ہین ہا صاحب محمل کے دل

دست صانع سے ہوا ہے جسم اعظم کا خمیر
جاہلون کا غافلونکا ناقصون کا ملکے دل

زور رونے پہ جو بہار گلتر ہے آج کل
ہر بال عندلیب کا شہپر ہے آجکل

پامال آسمان میرا پیکر ہے آج کل
قسمت مین اس جہاز کی ٹہوکر ہے آجکل

بولے ملک سوار جو دیکھا حسین کو
عرش کریم دوش پیمبر ہے آج کل

باب فتوح عشق کہلا ہے میرے لیے
یاد مراد نبد میرے گہر ہے آج کل

آشوب روزگار کو بہی بیستی ہین وہ
ٹہوکر سے نیچے فتنہ محشر ہے آجکل

حال ہوا اس وہوش حز دیکھ نہ پوچھئے
مجھسے علحدہ میرا لشکر ہے آجکل

چمکا دیا ہے جلوہ حسن شہاب نے
ہر ذرہ اونکی راہ کا اختر ہے آجکل

دو دن کو تم گئے تو یہ مجکو یقین ہوا
روح بدن مقام سے باہر ہے آجکل

مجھ خانمان خراب پہ تنہا ستم نہین
شکوہ جفا یار کا گہر گہر ہے آج کل

فتنہ پناہ لگتا ہے اونکی چال سے
پیہم خرام ناز مین ٹہوکر ہے آجکل

اوڑا دشت نجد مین مجنون کا قافلہ
پاری نقیب قیس بہی یاد ہے آجکل

اپنے صفا قلب کا حیران کار ہون
آئینہ حجاب سکندر ہے آج کل

اک بوسیہ رہا ہے پچہانیکے واسطے
بستر مرا فقیر کا بستر ہے آج کل

ایسا ہوں فکر عمر دو روزہ مین بہولا
دن رنج کا خوشی کی برابر ہے آجکل

بار جنون سے پاؤنکا اوٹہنا محال ہے
دیوانگی چڑہی ہے مرے سر پر ہے آجکل

ایچرخ آدہی چہٹنے مہ فرصت کا وقت ہے
اعظم جفائے یار کا آخر ہے آج کل

نقیر گو نہین کہتا ہے آب و تاب مین گل
تیرے رخکی مقابل ہی کس حساب مین گل

اگر ہے سیج سے تو لادیگے اضطراب مین گل
سنا ہی ہو لیتے ہین تختہ گلاب مین گل

خدا کو یاد نہین ملکر جو دہ سوار ہوئے
لگک دکہاتی ہے حلقہ رکاب مین گل

سدا بہار مین آتے ہین دیکہنے تجکو
پڑے ہین تیرے لیئے کیسے اضطراب مین گل

سوال بوسہ عارض مگر قبول ہوا
کہ اوس نگار نے بہیجے ہین جواب مین گل

بوقت نوش جو عکس رخ حبیب پڑا
دکہائی دینے لگی ساغر شراب مین گل

خیال جلوہ دیدار دل مین ہے اعظم
کہلے ہوئے ہین یہان خانہ خراب مین گل

غزل در صنعت غیر منقوط

اسکو گر ہو سر عطا ہمدم
لو کا کوہ ہو طلا ہمدم

مالک ملک اور کو کر دو
ہمکو در کا کرو گدا ہمدم

وصل دلدار ہو الم ہو دور
ہو اگر طالع رسا ہمدم

وصل اوس ماہرو کا حاصل ہو | کارگر ہو اگر دعا ہمدم
دل کو سودا ہوا رگ گل کا | ہمکو وہم کمر ہوا ہمدم
درد دل اور ملال دل آرام | گاہ کم گاہ ہو سوا ہمدم
مارا ہمکو دکھا دکھا کر آہ | طول کاکل کا سلسلہ ہمدم
علم اسرار کا کرو آگاہ | حال کہہ دو کھلا کھلا ہمدم
طول کاکل کا کم کرو للہ | ہمکو سودا ہوا سوا ہمدم
ہوگا سالار عسکر اسلام | در احمد کا ہر گدا ہمدم
صدمہ درد دل کو دور کرو | کام دو ہمکو دوسرا ہمدم
واسطہ ہوگا راہ مولا کا | آل احمد کا سلسلہ ہمدم
کام موسی کا تو ہوا حاصل | طور سرمہ ہوا ہوا ہمدم
عدل عادل دو دا ہوا دل کا | داد رس درد رس ہوا ہمدم
آسرا دل کو ہر طرح ہوگا | درد اسم رسول کا ہمدم
اعظم
دل اعدا کو ہر طرح ہوگا | آل احمد کا آسرا ہمدم
ہوئی تھی طاقت فرہاد کوہسار میں ہم | نگاہ قیس تھی لیلی کے انتظار میں ہم
پڑے ہیں الفت حسن شباب یار میں ہم | خود انقلاب کی صورت ہیں روزگار میں ہم
ہوا کی طرح سے لپٹے ہوئے غبار میں ہم | اڑا کیے ہیں رہ عشق بے سوار میں ہم
فزائے باغ کا عالم نہ پوچھیے ہمسے | ہمیں خبر نہیں بیہوش تھی بہار میں ہم

فنا کے بعد جو تم فاتحہ پڑھو آکر
رہیں قرار سے محشر تلک مزار میں ہم

حرم میں دیر میں پھر پھر کے ڈھونڈتے انکو
کہیں کے رہے اگر اونکی انتظار میں ہم

جگہہ ملی ہے جو یہ دیکھیں شور کرتے کے
سما گئے ہیں دل عندلیب زار میں ہم

جناب موسی عمران نے بھی نہ دیکھی تھی
وہ چشم دیکھے چلے ہیں تلاش یار میں ہم

وہی میں ہم کہ کھٹکے ہیں چشم آہو سے
شغال جانتے تھے شیر کو شکار میں ہم

شباب میں ہوئے پیر سیکے خونسے ملال
خزاں کی ٹھوکریں کہا گئے بہار میں ہم

ہجوم عام ہوا اشتیاق مشہدون کا
گئے وطن سے جو اعظم کے دیار میں ہم

ہو رہے ہیں اندنون برہم زمین و آسمان
پھر گئے ہیں یار سب ظلم زمین و آسمان

پھر امید پر آرام سے ہے وہ اگر آرام ہے
ہیں تمہارے دور میں بے نظم زمین و آسمان

چند دن گر اسصورت جو بتائی رہی
کیا عجب سر پر اوٹھالیں ہم زمین و آسمان

ہجر کی شب بیقرار ایسے دل مجبور کے
رات بہر ہلتے رہے پیہم زمین و آسمان

بس دہی سے چاہئے امید استقلال کی
جسکی طاقت نے کئے محکم زمین و آسمان

اسطرح غل کرتے ہیں بیٹھے گرد گرد ابیار کو
ہنستے ہنستے ہو گئے بیدم زمین و آسمان

ہم تو کیا ہیں آپکو جان جہان
ہو نہ پائے تھے کبھی محرم زمین و آسمان

اسطرح روتا ہے وہ ہم خاکسار رونے سے
جسطرح سے ہو گئے باہم زمین آسمان

تم پھرے ہم سے خفا ہوکر کہ دو نو پھر گئے
بندہ پرور ہو گئے برہم زمین و آسمان

بے تامل منہ مین جو آتا ہے کہہ جاتے ہین وہ
چھپکے بیٹھے دیکھتے ہین ہم زمین و آسمان

اسمین گنجایش ہے جو اوسمین و گنجایش کہان
وسعت ویسے بہت ہین کم زمین و آسمان

چلا ادن سے چاپلوسی کی کرینگے گفتگو
یار کو دکھلائینگے اعظم زمین و آسمان

پیارے آپکے تو پھول بھی ہین خار باغ مین
گر تم نہین تو کچھ بھی نہین یار باغ مین

غنچے دکھائی دیتے ہین طیار باغ مین
موجود ہین بہار کے آثار باغ مین

حاضر ہوا تھا مین در جنت نظیر پر
تشریف آپ رکھتے تھے سرکار باغ مین

کس گل کا اشتیاق نسیم چمن کو ہے
آتی ہی دوڑ دوڑ کے ہر بار باغ مین

آئیگا کون پردہ نشین سیر کے لیے
ہوتے ہین بند رخنہ دیوار باغ مین

ہمراہ مجکو باغ مین تم لیچلے تو ہو
اغیار سے نہ بولنا زنہار باغ مین

مشتاق چھوڑتے نہین گلشن بھی اونہین
باہر کھڑے ہین چار تو دو چار باغ مین

پھولونکی سیر کرنیکو آیا نہین ہون مین
مجکو تو آپسے ہے سروکار باغ مین

ہی موسم بہار مین ساقی کا التفات
ڈھلتی ہی اندنون مئی گلنار باغ مین

اے عندلیب نالہ کشون سے نہ بولیو
اچھا نہین ہے تیرا تکرار باغ مین

گیسو نچوڑتا ہے نہا کر چمن مین یار
چھایا ہوا ہے ابر گہربار باغ مین

تاراج پھول ہوتے ہین گلچین کے ہاتھ سے
لٹتی ہی عندلیب کی سرکار باغ مین

جاتا ہے جب وہ رشک پری سیر کے لیے
دیوانہ سا ہوتے ہین دو چار باغ مین

ای رشک آفتاب جو تیری نظر پڑے — سورج کبھی ہو رخنۂ دیوار باغ نہین

اعظم مین بے سبب نہین پہرتا چمن چمن
ہے ایک گلبدن پہ سرو کار باغ مین

ہمین کو اونکی طرف دیکھنے کی تاب نہین — وگرنہ وہان کوئی پردا نہین حجاب نہین

ہی سرو رنگ واقف دل خراب نہین — وہ میکدہ ہی ہمارا جہان شراب نہین

تمہارے حسن جہان سوز کا جواب نہین — کوئی تمہاری طرح رشک آفتاب نہین

بیاض گردن محبوب کا جواب نہین — کتابخانۂ عالم مین یہہ کتاب نہین

ہماری آہ تو جاتی ہی عرش اعلی تک — اثر جو ہو تو نہ ہو جائے اضطراب نہین

کوئی سوال کریگا تو کیا کہین گے ہم — ہمارے نامۂ اعمال کا جواب نہین

ہر ایک شخص کو تیری تلاش رہتی ہے — دکھون ہے جو ترے واسطے خراب نہین

برنگ سیل چلا ہون بحر ہستی مین — کہ سر ہے پاؤن ہے ٹوٹا سر حباب نہین

شباب کی نہین امید عہد پیری مین — یہی وہ دن ہے کہ جسدن کہ انقلاب نہین

جو اونسے کیجیے تقریر تو نہین سنتے — جو اونکو بھیجیے تحریر تو جواب نہین

جلال وہ کہ جسے سنکی ہوش اوڑتا ہے — جمال وہ کہ جسے دیکھنے کی تاب نہین

ازل سے سلسلۂ زلف کے اسیر ہین ہم — ہمارے دور تسلسل مین انقلاب نہین

نیا ہے قصر سخن اور سمجھے اعظم
بنے وہ بیت کہ جس بیت کا جواب نہین

بھلا ہوا کہ جو ساقی نہین شراب نہین
یہان بہی عہد جوانی نہین شباب نہین

ہمارے صبر ایوب کو بہی تاب نہین
تمہارے جور کی کچھہ حد نہین حساب نہین

ہمارے دلکی تڑپنے کا کچھہ حساب نہین
وہ کہہ رہے ہین ابہی اسکو اضطراب نہین

نہ محتسب کی شکایت ہی اور نہ قاضی کی
وہ کیا کرین ہمین مقسوم مین شراب نہین

جو کچھہ زبان پہ ہے وہ ہمارے دل مین ہے
ہمارے ظاہر و باطن مین انقلاب نہین

کچھہ اختیار نہین ہے عزیز پہلو پر
ترے کعبے مین دل خانمان خراب نہین

ہوا کو دہر سے نسبت نہ دست بکر و کو
نسیم گلشن جنت مین پیچ و تاب نہین

نہ مجھکو غیر سے رنجش نہ یار سے شکوہ
ملال دلکو نہین جانکو عذاب نہین

یہہ بانٹ جاتے ہین یا اوسکے بند کہلتے ہین
ہمارے ہاتھہ نہین یا تیر انقلاب نہین

غنی ہے نشۂ دولت کی کیفیت پوچھو
وہ کیا کہے کہ میسر جسے شراب نہین

مین جانتا ہون تجاہل کو اپنے مولا کے
یہہ جا و روز کی تنبیہ ہے عتاب نہین

قطعہ
ملک پکارتے ہین یا محمد عرش سے
کہ کوئی آپسا حضرت وہ لاجواب نہین

ثبوت اسکا ہے معراج کی حدیثون سے
حجاب آپکی کیونکر فلک حجاب نہین

در قبول پہ جانیکی دیر ہے اعظم
دعا وہ کونسی ہے جو کہ مستجاب نہین

کسی محل مین نہین ہی پس و دام ہین
پر طائر ہین کہ دو تو قفس کے لیے ہم ہین

آپکے دست نگر حضرت موسیٰ ہم ہین
آرزومند جمال ید بیضا ہم ہین

اسلیے چپ ہین کہ کوئی نہین سننے والا
ورنہ کہنے کو سراپا لب گویا ہم ہین

سوانگ لائے ہین نئے رنگ بدلتے ہین نئے
یہہ طلسمی ہے جہان اسمین تماشا ہم ہین

صفت خلوت کی بہی پردیکو ہین ہے چہپوا
پاکدامانی یوسف کے شناسا ہم ہین

غنچۂ گل ہین ہین کم سخنی سے اپنے
اپنے نالون کے سبب بلبل شیدا ہم ہین

یہہ نہ سمجھو کہ نہین دیکھنے والا کوئی
آپ پردہ تو اوٹھا دیجیے بینا ہم ہین

مرد عاجز ہین گنہگار ہین شرمندہ ہین
عرض کچھہ کر نہین سکتے ہین کہ کیا کیا ہم ہین

بند ہے پائی تہی نہ ترکیب ہم آغوشی کی
تب سے کہوئے ہوئے آغوش تمنا ہم ہین

ہمرے نالے بہی انا الرعد کی دیتے ہین صدا
ہمرے اشکون کو بہی دعوے ہے کہ دریا ہم ہین

کیونکون تہا اذن ہین منتظر ازل کے دن سے
کن کی آواز کا سمجھو تو نتیجا ہم ہین

شدت کلفت ایام مین عزت رہ جائے
کثرت رنج والم مین تن تنہا ہم ہین

شور نالون کا ہیرے دم سے ہی بتخانون مین
اپنی آواز سے ناقوس کلیسا ہم ہین

حشر کے روز کہین گی تیری دیدار طلب
دیر سے منتظر وعدۂ فردا ہم ہین

کوئی ہمسا نہین بازار جہان مین ناچیز
مشتری کوئی نہین جسکا وہ سودا ہم ہین

رتبہ عشق سے تھوڑی سے بہی بالا اپنا
عاشق قامت رشک قد طوبی ہم ہین

کوئی دنیا مین نہین ہمسا شرابی کمبخت
شام سے منتظر ساغر صہبا ہم ہین

دشت مین روشنی ہے دم سے ہمارے اعظم
زادئ قیس مین آبادی صحرا ہم ہین

تمہیں زبان ہو گو یا دہن کے پردے میں
وصال یا تمہیں اور مرغ نہال ہے ہو گا
یہیں سے جاے یہ ہستی جو ہمیشہ غور کیا
کسی کا راز نہانی نکر سکے ظاہر
کہیں سے بہ سیارہ کی نظر لگ جائے
فنا دامیں ہوا آسمانکا نام ہوا
جبیں سے قبر میں ظاہر ہے جلوۂ اسلام
تم اپنے جامہ سے باہر اگر ہوئے تو ہوئے
ہوا نبد ہی سے تمہاری ریاض عالم میں
جو غور کرتا ہوں معنی عشر نیرا پر
بہت خلاف ہے باطن ہمارا ظاہر سے
ہمار بزم جہان نہ پوچھیے ہمسے
رہیں قبر میں پہر کربلا یکہ خاموش
نہاں ہی گیسوے شبگوں میں عارض روشن
غرور سے ہمیں رہتا جو اپنے جامہ میں
کبہی نہ حرف تمنا زبان پر آیا

تمہیں دکہاتے ہو سخن کے پردے میں
گل مراد ملیگا چمن کے پردے میں
تمہیں دکہائی دیگے پیرہن کے پردے میں
زبانکو چاہیے رکہنا دہن کے پردے میں
چہپاو راز دلکو تو رتن کے پردے میں
زمین بچ گئی چرخ کہن کے پردے میں
چہپی ہیں میری ملت کفن کے پردے میں
خوشی خوشی وہ رہیں پیرہن کے پردے میں
دکہا رہے ہو تماشا تمہیں کے پردے میں
دکہائی دیتی ہے راحت محن کے پردے میں
بتو نکو پوجتے ہیں بت شکن کے پردے میں
کہلا ہوا ہے چمن انجمن کے پردے میں
علی کا نام لکہا ہے کفن کے پردے میں
چہپا ہے ماہ منور گہن کے پردے میں
حلول کرتا ہے شیطان بدنی پردے میں
خدا کی بات تو رکہ لی سخن کے پردے میں

بدل سے ہین کرشمے بتون کا دیکھ لیا | گرے کنشت مین ہم برہمن کے پردے مین

کبھی کھلی نگاہ نہ راز خطا میرا اعظم
چھپا ہوا ہون دلا ہے حسن کے پردے مین

وہ بال کھولے ہوئے جو نقاب پھرتے ہین | بلاکشان محبت خراب پھرتے ہین
کبھی شراب پیئے ہم خراب پھرتے ہین | کبھی بغل مین دبائے کباب پھرتے ہین
کچھ اور کام نہین انکو جو گردی سے | فقط دکھاتے انکو حسن شباب پھرتے ہین
پھر ابھی آتش الفت مین نوح کا طوفان | دھوئین اس آگ کے بنکر سحاب پھرتے ہین
الہی منزل مقصد پہ انکو پہنچا دے | یہ پاؤن ڈھونڈتے راہ ثواب پھرتے ہین
تمہارے واسطے سحر جہان فانی مین | ہوا شوق مین پھر کر حباب پھرتے ہین
چلے ہین کرکے ارادہ بتونکے ملنے کا | خدا نے چاہا تو ہم کامیاب پھرتے ہین
کوئی نہین ہے کہین انکا پوچھنے والا | جدہر وہ چاہین بے حجاب پھرتے ہین
جب انکی عارض روشن کا دھیان آیا | انکے سامنے دو آفتاب پھرتے ہین
ابھی سے ہوگئے نہ مست بتونکی یادونکو لغزش | ابھی تو بزم مین جام شراب پھرتے ہین
جنہون نے کوچہ رنگین سے انحراف کیا | وہ لوگ چھوڑکے راہ ثواب پھرتے ہین
ہزار دور کرے چرخ لاکھ گردش ہو | ہم اپنے قول سے کب اے جناب پھرتے ہین
پیمبرونکی مدد سے قاصد نہ ہوگئے | لیے ہوئے مرے خط کا جواب پھرتے ہین

ہوئی ہیں جو میرے مکتوب شوق کے حامل
سلامتی سے وہ سب کامیاب پھرتے ہیں

دواد وحش کی حقیقت نہ پوچھئے اعظم
پھرا رہا ہی ہمیں اضطراب پھرتے ہیں

نام خدا جو وحش نبی کے سوار ہیں
ہم بھی اونہیں کے دامن زین کے غبار ہیں

بیہوش ہیں جو عاشق گیسوے یار ہیں
کالی بلائیں اونکی سر دنیر سوار ہیں

اسمین نہ پہول ہیں نہ ثمر ہیں نہ بار ہیں
لیکن نہال غم میں شگوفہ ہزار ہیں

گلگون ہیں بادپا ہیں صبا ہیں شرار ہیں
تیرے سمند ناز بھی رشک بہار ہیں

لائی ہمیں قضا و قدر اوس مقام میں
جس جا جناب خضر غریب الدیار ہیں

اوس باغ میں ورود ہوا ہی آسمان سیرا
اشجار جس ریاض کے بے برگ و بار ہیں

سن لیجئے کبھی تو ہماری بھی التماس
ہم بھی تمہارے بندۂ امیدوار ہیں

جنگل یہاں سے آبلہ پائی سے لاکھ کوس
واں انتظار میں صحرا کے خار ہیں

سودا ہوا نکی ہو تو اوڑ انیکے واسطے
جہونکے تری غضب کے نسیم بہار ہیں

پڑتے نہیں ہیں پانو کسیکے زمین پر
وحشی تمہاری دوش صبا پر سوار ہیں

باہر نہونگی خاک بھی ہو کر دلوں سے ہم
شیشوں میں جو کہ بند رہے وہ غبار ہیں

حکمت سے ہی ہماری بھی ترکیب آب و گل
ہم بھی ظہور قدرت پروردگار ہیں

ہم تک بھی آئے نکہت گیسو کسی طرح
بوئی گل مراد کے امیدوار ہیں

مژگان کو اپنی آپ تو کہتے ہیں بیخطا
پہر تیر کون سے ہیں کہ سینہ کے پار ہیں

سینہ کا اپنے بھید چھپاتے ہو کس لیے
اسرار بھید نہان تو نہین آشکار ہین

ملتا ہی دن کو چین نہ آرام رات کو
ہم مبتلائے گردش لیل و نہار ہین

پیسا ہی آسمان نے ہمین خوب آرین
کھسکے نہ جو نگاہ مین ہم وہ غبار ہین

پردے مین منہ چھپا سکا ظاہر ہوا نہ حال
اسرار ورنہ غیب کے سب آشکار ہین

ہووے نہ کس طرح سے یہی دست کو فراغ
دینے کے ہاتھ اہل کرم کے ہزار ہین

ثابت کرینگے وہ دہن ناپدید کو
اس نقطۂ دقیق کے جو رازدار ہین

دیکھا تو بحر ہستی ناپائدار ہین
جو آشنا ہین دام اجل کے شکار ہین

کیا پوچھتے ہو حال جوانان باغ کا
رونق فزائے پشت سمند بہار ہین

زلفو نکو اونکی دیکھ کے کہتے ہین اہل ہند
اعظم اسی کمند بلا کے شکار ہین

خوشی دیکھتے ہین محن دیکھتے ہین
تماشائے چرخ کہن دیکھتے ہین

گل بوستان ارم سے زیادہ
شگفتہ تری انجمن دیکھتے ہین

پھر سے بتکدے مین یہ عیب صنم سے
برہمن کا صنعت شکن دیکھتے ہین

چڑھا ہوا نہین ہی زور جوانی
اکڑتے ہین اپنا بدن دیکھتے ہین

تکلم مین سنجیدگی ہو بیان کی
سخندان طرز سخن دیکھتے ہین

مجھے تنگ کرتے ہین عریان وحشت
جو پہنے ہوئے پیرہن دیکھتے ہین

جگہ دل مین کرتی ہے شیرین کے گویا
شفقت تری کوہکن دیکھتے ہین

خوشی دشت غربت مین جسے ہوتی ہو / وطن کو تو دار المحن دیکہتے ہین

ابھی دیر مین آزماتے ہین مجکو / طریقہ میرا برہمن دیکہتے ہین

سبہی پاؤن کاٹینگے اہل طریقت / شریعت سے باہر چلن دیکہتے ہین

بہارا نہین ہو دینگے جامہ سے باہر / یہہ وحشی ہوئے جو چمن دیکہتے ہین

جنہین شوق ہوتا ہے سیر چمن کا / وہ اگر تری انجمن دیکہتے ہین

جہگڑتے ہین آوارہ دشت غربت / جو مجکو قریب وطن دیکہتے ہین

کسیکو وہ اسمین بہا دینگے اعظم
بہت گیسوے پرشکن دیکہتے ہین

ذقن سے کنوئین چاہ بابل ہوئے ہین / غضب سے یہہ زہرہ شمائل ہوئے ہین

کلیجے کے کرتے ہو باتون مین ٹکڑے / تمہارے سخن زہر قاتل ہوگئے ہین

لبون کو ترے کون کہتا ہی شیرین / ہمین تو یہہ زہر ہلاہل ہوگئے ہین

سبہی علم و لیے ہین فرزند آدم / ہمین اس گہرانے مین جاہل ہوگئے ہین

جہان پر آشوب کی تہنیت مین / ہزارون جگہہ رقص بسمل ہوئے ہین

بہت ناگوارہ ہوا ہے فلک کو / جو آسان میرے کار مشکل ہوگئے ہین

ٹہکانا نہین اب ہمارے چلن کا / بتونکی طریقہ پہ مائل ہوئے ہین

تجلی مین رستے تمہارے گلی کے / خط کہکشان سے مقابل ہوئے ہین

بہت دہوکے دیگی اونکی فرزانگی سے / تمہارے لیئے فرض سے جو غافل ہوگئے ہین

ہمارے سراپا میں خواہش بھری ہے
کسی آرزومند کے دل ہوئے ہیں

جنہیں عشق ہے چشم وحشت فزا کا
وہ جاکر غزالوں کے شامل ہوئے ہیں

سنا ہے کہ وادی مجنوں سے اوٹھکر
بگولے بھی قربان محمل ہوئے ہیں

نہ سوئے ہیں شب کو نہ سوئیں دنکو
کسی پر کبھی ہم جو مائل ہوئے ہیں

اب اوسکے تعلق سے یارب بچانا
وہ تہمت لگانیکے قابل ہوئے ہیں

جو تقدیر میں ہے وہ ہو ویگا اعظم
یہہ لکھے کہیں خط باطل ہوئے ہیں

ہم اون شکاریوں کی رہگذر کو دیکھتے ہیں
جو نوچ نوچ کے ایک ایک پر کو دیکھتے ہیں

خیال اور کہیں ہے نگاہ اور کہیں
کدہر کو دہیان اونکا کدہر کو دیکھتے ہیں

دکہا دیتا ہے کسدن جمال یار کا دن
دعا نیم شبی کے اثر کو دیکھتے ہیں

خدا پناہ میں رکھے نگاہ والوں سے
یہہ لوگ وہ ہیں جو بار نظر کو دیکھتے ہیں

لیا ہے حسن جو اوسنے نہ یار آنکھوں میں
اس آفتاب کو ہم دوپہر کو دیکھتے ہیں

تمہارے آنیکا جو انتظار رہتا ہے
سحر سے شام تلک رہگذر کو دیکھتے ہیں

خدا کی قدرت کامل دکھائی دیتی ہے
نگاہ غور سے ہم جس بشر کو دیکھتے ہیں

کبھی جو آتا ہے آہین وہ بخت خورشید
تو رشک برج شرف اپنے گہر کو دیکھتے ہیں

یقین نہیں ہے جو اونہیں میری اشکباری کا
اوٹھا کے دامن مژگان تر کو دیکھتے ہیں

نہیں دکہاتی ہے تقدیر صبح روز وصال
ہم آفتاب قیامت سحر کو دیکھتے ہیں

لہو بدن مین ندامت سے سوکہہ جاتا ہے
جب اپنے آنکہہ سے دامان تر کو دیکھتے ہین

نکالکر جو انہین دیدیا ہے دل ہنسے
کبہی مجہے کبہی تیر جگر کو دیکھتے ہین

تمہارے جلوہ عارض محیط عالم مین
تمہین کو دیکھتے ہین ہم جدہر کو دیکھتے ہین

تمہارے گوہر دندان کے دیکھنے واسطے
کس اشتیاق سے درج گہر کو دیکھتے ہین

جہان پہ نقش تمہارے قدم کا ہوتا ہے
وہین یہ اعظم شوریدہ سر کو دیکھتے ہین

باغبان ہو نہ کہین سنگ گل تر کہتے ہین
جوہری آپکے دانتون کو گہر کہتے ہین

سرو کہتے ہین نہال گل تر کہتے ہین
کیا غضب ہے قدموزونکو شجر کہتے ہین

نہ دہان کان ہین اونکی نہ نہان ہے نہ زبان
نہ وہ سنتے ہین نہ ہم درد جگر کہتے ہین

پوچھتے کیا ہو میرا نام ہے کیا دنیا مین
اس خرابہ مین مجہے خاک بسر کہتے ہین

اوڑتی پہرتی ہی پہر خاک بگولہ کیطرح
اسکو عشق بت سرکش کا اثر کہتے ہین

پاؤن دہ ہے کہ ہو حد ادب سے باہر
جو جہکے سامنے تیرا دبی سر کہتے ہین

میکدہ آپ سمجہتے ہین جسے دنیا مین
ہم اوسے اہل خرابات کا گہر کہتے ہین

باغ فردوس ہے جاگیر مین حصہ میرا
مجکو بہی حضرت آدم کا پسر کہتے ہین

جو کہ پہلو سے نکل آیا ہے تڑپ کر باہر
دل اوسے کہتے ہین ہم اوسکو جگر کہتے ہین

جسے خوب جچا ہے چمن مین تو نے
مجہسے صیاد یہ ارشاد ہے پہر کہتے ہین

نام اوسکا ترقی مین بدل جاتا ہے
بڑہگیا روزن دیوار تو در کہتے ہین

جنکو دنیا کے بد و نیک سے آگاہی ہے
عیب کو عیب ہنر کو وہ ہنر کہتے ہین

بنے تیرے سامنے آتا ہے جو شیشہ آتے
مئے گلرنگ کو ہم خون جگر کہتے ہین

آبلے سوز جگر سے جو ہوئے ہین پیدا
ہم انہین نخل محبت کا ثمر کہتے ہین

لب اظہار زبان کو نہین کہلنے دیتے
دل کا احوال کسی سے جو اگر کہتے ہین

مو شگافون سے نزاکت کا جو کہتے ہین بیان
ماجرا عیب کا جو پا سے کمر کہتے ہین

گرمی جوش جو انہین سے لیے ہین بوسہ
کیون ہمیشہ دامن تقصیر کو تر کہتے ہین

اختیاری نہین رفتار ہماری اعظم
ہم ادہر جاتے ہین دوڑے وہ جدہر کہتے ہین

شام کا رزق بھی ہنگام سحر دیتے ہین
پیشگی لطف و عنایات وہ کر دیتے ہین

نہ گہر دیتے ہین عارف کو نہ زر دیتے ہین
پر غنی دولت کونین سے کر دیتے ہین

لوٹتے ہین جو مزہ زخم جگر دیتے ہین
ہم جراحت مین نمک پیس کے بھر دیتے ہین

ہمکو اول ہی سے صیاد ملے ہین ایسے
پر نکلنے نہین پاتے کہ کتر دیتے ہین

نجد مین قافلہ حی کے جرس کو سونپے
قیس کو آمد لیلے کی خبر دیتے ہین

شب معراج یہ جبریل نے سدرہ پہ کہا
بس نہین ہمکو بھی طاقت ہے سے پر دیتے ہین

ہی زبانون پہ انہین کی مرا مرنا جینا
آنے جانے کی تمہاری جو خبر دیتے ہین

کیا غضب ہے جو حسینون سے ملب کرتا ہون
نہ تو دل کرتے ہین الیس نہ جگر دیتے ہین

اے بتو شان الہی جو تمہین دکہلا دو
ہمکو کعبہ سے ابھی عرش پہ دہر دیتے ہین

دم رکا جاتا ہے صیاد و قلم کران کو
مجکو اندازِ نقش سنگ مین پر دیتے ہین

پہلو بیٹے عجز سے ہم او نکو اوٹھا لا وینگے
اور دفعہ او نہین دو چار بچھر دیتے ہین

آپ سے رہنے کا جو اقرار کرین تو ہم سے
خانۂ دل کا قبالہ ابہی کر دیتے ہین

اپنی تقصیر سے انکار کا یارا نہ ہے
ہاتھہ مین نامۂ اعمال کو دہر دیتے ہین

اپنے صیاد و ن کے ہاتھہ مین قضا لائی ہے
جو کہ جبر سے پر پرواز کتر دیتے ہین

سفرۂ عام تو ہے چار طرف بچھوایا
دیکھیے رزق ہمارا وہ کدہر دیتے ہین

ٹھیکرے بہی نفرا کے نہین رہتے خالی
رزق مقسوم سے او نکی او نہین بہر دیتے ہین

ماری غیرت کے دم عرض تمنا اعظم
ہاتھہ دو نو لب اظہار پہ دہر دیتے ہین

جسکی گنتی ہے فرشتو نمین وہ انسان ہو نہین
یہہ بہی احسان ہے ترا بندۂ احسان ہو نہین

زندگی بہر تو نکلنے نہین دیتا اوسکو
آرزو سے دل مایوس کا زندان ہو نہین

چشم تصویر کا نقشہ مرے اعضا مین ہے
آپ دیکہین ہمہ تن دیدۂ حیران ہو نہین

مجھسے کہتی ہے مرے ترک کی مژگان دراز
کبھی برچھی کبھی خنجر کبھی پیکان ہو نہین

آپ تشریف جو لاوین تو مجھے نیند آئے
انتظاری کے سبب چشم نگہبان ہو نہین

تو ایمان میرا کھتا ہے محمد کی قسم
اپنے جلوہ مین کف موسی عمران ہو نہین

ہون وہ بستی کہ برستی ہی جہان ویرانی
جسکو کہتے ہین جنون خیز وہ میدان ہو نہین

آج مجکو مئے گلرنگ کے بدلے ساقی
دیسے وہ سبزی جو کہیے یادہ ریحان ہو نہین

آسمان سے میرے رونیکی حقیقت پوچھو | ابر پانیکے لیئے آئی وہ گریبان ہو مین

اسم اعظم جو پڑہتا نہین او نہین ہاتہہ لگے

ہدہد نیرا دپکارے ہے کہ سلیمان ہون مین

دیکھکر طرز قیامت یار کی رفتار مین | دشت مین آہو چہپے لیکٹ رہی کہسار مین

استخوان سینہ جو چہوٹے سے لیئے منقار مین | پڑگئے چہالے زبان مرغ آتش خوار مین

بے تکلف چہو لیا زلف سیاہ یار کو | دیدیا ہاتہہ آپسے میںنے دہان مار مین

بڑہتا جاتا ہے جنون دیوانگان عشق کا | ہے ترقی دن بدن زنجیر کی جہنکار مین

سیر دکھلائی چمن مین کیا ہمارے شوق نے | لگیا دم دیکھے اونکو گوشہ دیوار مین

کس زبان سے سمجھے حال دل شیدا ئین | مہر کردی ہے خموشی نے لب اظہار مین

حسرت دیدار مین آخر کو یہ ہوتا ہے حال | جان جائیگی میری اکدن فراق یار مین

لیکے یوسف کو زلیخا کیون نہ اترائی پہرے | جنس اچہی ملگئی ہی مصر کے بازار مین

حشر برپا کر دیا یاد قد دلدار نے | مین صنوبر کے تلے رو دیا بہت گلزار مین

شب کے باسی پہول اونکی سیج کے اوڑھے ہو گئے | صبح کو سب لیگئے مرغ چمن منقار مین

قصہ خوان کرتے ہین افسانہ گوئی رات بہر | نیند آتی ہی نہین مجکو خیال یار مین

وادیٔ الفت مین اعظم نے بہی رکہا تہا قدم

چلتے چلتے تہک گیا آخر رہ دشوار مین

عبرت کی نگاہون سے جدہر دیکھہ رہے ہین | فغفور کا سر پیش نظر دیکھہ رہے ہین

ہے عید کی شب چاند لب سر دیکھ رہے ہین
ہم انکو ابر رشک قمر دیکھ رہے ہین

موت آئی کہ ہوتی ہی سحر دیکھ رہے ہین
طول شب فرقت کا اثر دیکھ رہے ہین

سونہہ آئینہ مین وقت سحر دیکھ رہے ہین
خورشید کو وہ رشک قمر دیکھ رہے ہین

غنچون کو جو ہم بھر کے نظر دیکھ رہے ہین
بچون مین قبا گل تر دیکھ رہے ہین

کیا دل کے تڑپنے کا اثر دیکھ رہے ہین
کونین کو ہم زیر و زبر دیکھ رہے ہین

گونگا ہی ہمین حسن کی حیرت نے بنایا
کچھ کہہ نہین سکتے ہین مگر دیکھ رہے ہین

کیونکر نہ اونہین ناز ہو ناوک فگنی پر
ہر تیر کے پیکان مین جگر دیکھ رہے ہین

بل کھانے پہ اسکی ہی اونہین کج نگہ شوق
ہر گام پہ مڑتے کمر دیکھ رہے ہین

جہاڑی نہ ہوا خواہون نے گرد رہ کلفت
مدت سے مجھے خاک بسر دیکھ رہے ہین

اونکی ہمین اٹکھیلیونکی چال نے مارا
دہرتے ہین کہ ہر پاؤن کہ سر دیکھ رہے ہین

ہم ایسے ہین مجبور کہ کچھ بن نہین پڑتی
سینہ مین تڑپتا ہی جگر دیکھ رہے ہین

دنیا کے طلبگارون سے اللہ بچائے
رہزن کیطرح میری کمر دیکھ رہے ہین

کچھ سوچ کے بیٹھے ہین وہ پہلو مین ہمارے
دزدیدہ نگاہون سے جگر دیکھ رہے ہین

دلسوز بہی کرتے نہین تدبیر مداوا
آنکھون سے مرا داغ جگر دیکھ رہے ہین

اسطرح ملاتے ہین تری آنکھون سے اکثر
ہم تیری طرح تیری کمر دیکھ رہے ہین

اعظم ہمین رشک آتا ہے اون خوش نظرون پر
جو یار کی باریک کمر دیکھ رہے ہین

آدین قدم رنجہ کرین آباد ویرانہ کرین — وہ خانہ دل کو مِرے رشکِ پریخانہ کرین
بزم شراب ناب مین ساقی سے یارانہ کرین — مست ہے الفت تو مین کچھہ کار مستانہ کرین
عشق بلا انگیز ہے نیرنگ آفت خیز مین — لیلی کو دیوانہ کرین مجنون کو فرزانہ کرین
ہین اندنون شہنشہ ہوای بادہ نوشان چمن — آو چلو خالی سبو لبریز پیمانہ کرین
ہم اونکی کچھہ خدمت کرین راضی اگر ہین اس سے رنگ — مہندی ملین ہتھیلیون مین انشان چشمِ پا نہ کرین
کشتہ کرو دلسوز کو اپنے فروغ حسن کا — تم شمع کا جلوہ کرو ہم سوز پروانہ کرین
اونکو اگر کیف شراب ناب کا چسکا پڑے — ہم میکشی کا حکم لیکر ان سے یارانہ کرین
گر ہے اجازت یار کی گستاخ ہون ہم دین صلین — نعرہ ہر دین تاوان مین مالک مین چھپا نہ کرین

اب بھی نہین بگڑا ہی کچھہ اوسے لیئے کہو ای ہمنشین
غیر دن کی الفت چھوڑ دین اعظم سے یارانہ کرین

ہمکو جیسے اپنے یوسف کی خبر ملتی نہین — طاقت دل قوت نور نظر ملتی نہین
جستجو کی دیکھنے والون نے پر ملتی نہین — جسطرح عنقا نہین ملتا کمر ملتی نہین
تیرے گھر کے شوق مین پھرتا ہون اندھے کی طرح — روشنی چشمہ دیوار و در ملتی نہین
پھر رہے ہین ہم اوس وادی ادراک کے — خضر کو بھی آجتک جسکی خبر ملتی نہین
کسطرح سے دیکھتے ہین موشگافان جہان — یہان ہمارے واہمہ کو بھی کمر ملتی نہین
ڈوبتا جبتک نہین بحر حقیقت مین کوئی — آبرو بیشک اوسے مثل گہر ملتی نہین
سوزش داغ جگر سے منہ چھپا لیگے لیئے — آفتاب روز محشر کو سپر ملتی نہین

دل سہو کا شاد ہی ایسا تمہارے دور مین
ڈھونڈنے والون کو بھی آہ جگر ملتی نہین

کس کے گھر جائین بہلا استان فیض سے
آپ کے در سے سوا جائے سفر ملتی نہین

ضبط گریہ سے ہی خشک سالی اس قدر
آب شبنم سے قبای گل بھی تر ملتی نہین

کس غضب کے ہین تر تیور کہ تیری آنکھ سے
چشم آشوب جہان ای فتنہ گر ملتی نہین

آدمی کس کے بہروسے پر کرے کسب کمال
قدر دان ملتا نہین اہل ہنر ملتے نہین

ہجر مین یعقوب کہتے تھے کہ ای یوسف سے
دیکھئے کب تک تمنا سے پدر ملتی نہین

یا ہمین کو دیکھتے تم تھے سحر سے شام تک
یا ہمین سے اب نظر دو دو پہر ملتی نہین

اس قدر لشابش ہی دنیا تمہارے دور مین
آنسوؤن سے چشم غمدیدہ بھی تر ملتی نہین

اس طرح ملتا نہین آنکھون آب چشم نم
آگ جیسے مردم آبی سے گہر ملتی نہین

باغ مین بھی طایران نغمہ آرا کے سوا
ڈھونڈئے تو عندلیب نوحہ گر ملتی نہین

دیکھکر مجھکو بہت ہنستی ہی بخشش کی امید
آستین شکستہ ندامت سے جو تر ملتی نہین

ڈھونڈ لینگے دوسرا سفاک اپنی واسطے
اب طبیعت تجھسے ای بیداد گر ملتی نہین

پانچ موقع پر تو کر یاد خدا ذہرات مین
کیا تجھے اتنی بھی فرصت بے خبر ملتی نہین

کیا سمجھکر ای بتو کرتے ہو تم جور و ستم
داد فریادی کے کیا عادل کے گھر ملتی نہین

کیا کرین حرص و ہوا سے کسطرح پائین نجات
نفس امارہ پر ای اعظم ظفر ملتی نہین

دل پر خوف سے نہ ہوتی باہر کسدن
ہمنی ماری سر شفور یہ ٹہو کر کس دن

دیکھیے ہوتی ہی باداش ستمگر کسدن
داد ملتی ہی میری ای مہ بیداد کسدن

ہم دکھاتے دل شفاف کیے جوہر اوسکو
قید سے دیکھیے نکلیگا سکندر کس دن

زندگی بہر اسے قسمت نے نکلنے نہ دیا
دل کی اندر سے تمنا ہوئی باہر کسدن

ابتدا سے ہین ہدایت کے طریقے جاری
راہ بتلانے کو آتے نہ پیمبر کسدن

قید مین بہی نہین آفات سماوی سے مفر
میری زندان مین برستی نہین پتھر کسدن

بہاگ گیے پہرتے ہین ہوش وخرد وتاب وتوان
متفرق نہین ہوتا میرا لشکر کس دن

نازکی چال کا انکار عبث کرتے ہو
پاؤن رفتار مین پڑتے ہین برابر کسدن

کس بہروسے پہ بہلا جامہ سے باہر ہوتے
پاؤن پہیلانے کو کافی ہوی چادر کسدن

ڈوبنے پر بہی نہ گرداب بلا سے نکلے
بحر غم سے میری کشتی ہوی باہر کسدن

مجہے اندہیر کیا ابر وہوا مین تو نے
محتسب توڑیگے پہنکا میرا ساغر کسدن

نہ اوٹہاتے ہوا سی تم نہ پہنچتے ہوا سے
کام آویگا بخیلو زر و زیور کس دن

بہیک دیتے ہین ثواب ابدی لیتے ہین
فیض پاتے نہین سائل سے تونگر کسدن

مدتون اسپہ پرستار رہا یاران بلا
میری قسمت ہی بنا تہا میرا پیکر کسدن

آرزو مند شہادت ہین بہت ای قاتل
انکی گردن پہ چلیگا تیرا خنجر کس دن

کب میری گود مین وہ عزت پردین آیا
بہر گیا دامن مقصود مین گوہر کس دن

کسطرح تو سے اعظم شب تنہائی مین
حرکت کیے ہوا لائق تن لاغر کس دن

یہہ مرغان چمن فصل چمن مین کہیکے بیٹہے ہین
ہماری آشیانی اندنون پہولونمین بستی ہین

مین دیوانہ نہین پر اپنی قسمت کا ہون دیوانہ
مری گہر ابر گوہر بار سے پتہر برستی ہین

وہ شہلک کہکشان مین غیرت صحرا ایمن مین
بہرے ہین نور سے جو پاکے کوچہ کے رستے ہین

جسے کہیہ دفتر عصیان کے ہی ہمکو گنہگار و
تمہارے نامہ بد سے بہرے بستونکی بستی ہین

قفس مین کیے رہیے وا اور رزق خاطر نہ گہبرانا
خدا نے کہول رکہی دانہ قسمت کے رستی ہین

دل عشاق بہی ہی روشنی بہی ہی لگا ہونین
تمہارے دیکہنے کیو اسیطے لیکن ترستی ہین

قدم ہشیار رکہہ سکتے نہین وادی وحشت مین
یہہ دیوانونکی دل گردے ہین جو صحرا مین بستے ہین

نظر ابرو جو آئی خنجر سفاک سمجہے ہم
صف مژگان کو جو دیکہا کہا تیرونکی دستے ہین

کہان تو اور کہین خضر طریقت سے یہہ کہتا ہون
وہ مبتلا وہ ہین جو کعبہ مقصد کے رستے ہین

گذرنا منزل ہستی سے ہی دشوار رہرو کو
ہمکو سنگ راہ مین کہنکا ہی بلند و پست رستے ہین

ہمارے ضبط گریہ سے کیا ہی خشک دریا کو
صدف مین ایک قطرہ کیلیئے موتی ترستے ہین

ابہی سے ہی گرم بازار محبت اسے خریدار و
جو لینا ہے تو لے رکہو دل عشاق سستے ہین

وہ ہر دم معرکہ مین آزماتے ہین جو اعظم کو
غضب کرتے ہین کیون شمشیر با جوہر کو کستے ہین

نہ اپنا کام آتا ہی نہ بیگانہ مصیبت مین
بہت دنیا کو ہمنے آزما دیکہا ہے کلفت مین

بہری ہی نار دوزخ آتش فرقت کی حدت مین
پگہل جاتا ہی مغز استخوان تک اس حرارت مین

نہین بستے کیسکی آرزو خواب فراغت مین
زمین کے سونیوالے آسمانکی ہین حمایت مین

اگر کامل رہا جذب دل مجنون محبت مین
شتر جاویگی لیلی کی سواری دشت وحشت مین

وہ مجرم ہون جو ہوتا ہر دم آپکی خلقت مین
یقین ہے پرورش ملتی مجھی آب ندامت مین

جواب نامہ مشتاق لکھا ایکمدت مین
اگر پوچھو تو یہہ بھی مہربانی کی حقیقت مین

بہت اچھا ہوا جو کچھ ہوا اوسکی مشیت مین
وہ کافر ہی جو شک لاوے میری مولا کی قدرت مین

گرفتار بلا ناگہانی اسکو کہتے ہین
مقدر نے جسے اولجھا دیا گیسو کی الفت مین

پیمبر کی محبت بعد مردن کام آویگی
شمیم گل ریاض خلد سے لائیگی جنت مین

بہار باغ آئی پیشتر وقت معین سے
بہت روز و دن مجھکو رہنا پڑا امید و وحشت مین

زمانہ مین جیتے ہین رنج کے ہاتھوں سے مر مر کے
ہماری جان پیرہن تن ہے گئی دلکی کلفت مین

عدم سے عیش کرنیکے لئے آئی ہستی مین
رہی دنیا مین ہم دنیا طلب دنیا کی حسرت مین

گوارا جان تک دنیا بھی ہوجاتا ہے عاشق کو
خدا جانی کہ کیا دل مین سماجاتا ہے الفت مین

ادب تو سیکھہ دشمن بھی کریگا دوستی تجھسے
رہیگا اسکی باعث نفس امارہ اطاعت مین

بشر دعوی کرے ہی انداکشی کا غیر ممکن ہے
وہ خاصان خدا ہی مستقل رہتے جو مصیبت مین

نسیم بے سر و پا سیر ہی آوارگی پوچھو
اسی نے مجکو دیکھا ہی بہت میدان وحشت مین

سیری دیوانگی کی اسقدر ہیبت سمائی ہے
زمین پاؤن تلی کی بہاگتی ہی دشت وحشت مین

سر بازار نقد علم کے نقاد کہتے ہین
جہالت بیگمان بٹہ لگاتی ہی شرافت مین

یہی کاہیدگی جسم کا اعظم کے باعث ہے
رہن ہین صدمہ دوری ہزارون رنج فرقت مین

محبوب کیجئے گا اسی ہی ثواب مین
نیرنگ بازیان ہین جہان خراب مین
رہتا نہین ہی جلوۂ عارض نقاب مین
ناحق عدم سی آئے جہان خراب مین
دیکھا جو تو نے ہوئی مجہہ بیقرار کو
باہر کیا مزاج کی شوخی نے یار کو
وصف نگاہ ناز غزا تو نے پوچھیے
ہم سے بیان مصحف رخ کچھہ نہ ہو سکا
رہتا نہین خیال نشیب و فراز کا
غش سے کلیم طور پہ سنبھلے تو یہ کہا
ہمنے ادب سے جو ہاتہہ لگایا تو دیر تک
بے پردہ ایکبار تو آجاؤ سامنے
پہلا سوال کرکے نکیرین پھر گیے
ادہا نہ تہا غرور جوانی سے سر ہرا
بے یار ہمنے بادہ کشی کی غضب کیا
در پردہ ناز حسن سکھاتا ہے یار کو
رہتا ہی اونکی جلوۂ عارض کا سامنا

فاضل بڑی ہی گناہ جو فرد حساب مین
بنتے بہی ہین بگڑتے ہی ہین انقلاب مین
خورشید بن گئی ہین یا وہ عہد شباب مین
دنیا کی اشتیاق نے ڈالا عذاب مین
سیماب نے برق دیا دل کو اضطراب مین
شرم و حیا نے لاکہہ چہپایا نقاب مین
دیکہین تو سوچتا ہی اونہین کیا جواب مین
سب رنگ کا کتاب کا مطلب کتاب مین
کچھہ سوجہتا نہین ہے ہمین اضطراب مین
رحمت بہری ہوئی تہی نگاہ عتاب مین
گیسو کا بال بال رہا پیچ و تاب مین
کبتک چہپے رہوگے بہلا اسم حجاب مین
کچھہ کہدیا جو حسن عمل نے جواب مین
بوڑہون کی چال تہی ہیر عہد شباب مین
کیون پی گئے نہ زہر ہلاہل شراب مین
اچہی گرہ لگائی ہے بند نقاب مین
چہپتی ہی رات روشنی آفتاب مین

ساقی کا بحر فیض جب آیا ہی جوش پر | غوطی دیتے ہین بادہ کشون کو شراب مین
اعظم ہے پاس رات کو جایا نکیجیے | رخنہ پڑیگا پردہ شرم و حجاب مین

ہی جلوہ بہار ترے گھر چراغ مین | لو بن گئی ہی شاخ گل تر چراغ مین
کافور ہی نہ مشک نہ عنبر چراغ مین | ایمان کی روشنی ہی ترے گہر چراغ مین
سوز جگر کا حال بہی ہم پوچھنے نپای | پروانی خاک ہو گئی جل کر چراغ مین
مجھہ تیرہ روز نے جو جلا ہے شب فراق | بتی سے تیل دور رہا ہر چراغ مین
لائی میری لحد پہ چراغی ملائکہ | دیکھا جو صبح کو تو ملا زر چراغ مین
بتی بنا بنا کے یہہ اندھیر کر دیا | تمنے جلا دیا مرا بستر چراغ مین
گر دوست ہی خلیل خدا کا تو پھونک دے | نمرودیون کی روح کو دہر کر چراغ مین
یہان شوق سے جلا ہے وہان شمع کی بجہای | تا صبح گفتگو رہی شب بہر چراغ مین
دیوانون کی مزار پہ جب کی ہی روشنی | برسی ہین آسمان سی پتھر چراغ مین
مین زار گرچہ اور کسی کام کا نہین | تنکی کی جا رہی تن لاغر چراغ مین
کافور کی جلاتی ہی کل تک جو بتیان | روغن نہین ہی آج میسر چراغ مین
یارب فروغ داغ رہی دل مین حشر تک | دنیا کی روشنی ہو میری گہر چراغ مین
کار محال مین ہی مجہی کس قدر فروغ | فولاد پھونکتا ہون دہر کر چراغ مین
کی روشنی جو کشتہ عارض کی قبر پہ | روغن ہوا ہی روغن گل بہ چراغ مین

لیکن فروغ ہمت مردانگی سی کام
چربی جلای شیر کی اکہہ چراغ مین

روشن کری جو طالب برق جمال یار
بجلی سیی بہی چمک ہو فزون تر چراغ مین

لکہ پہیر کر قلاجو اعظم صفا سرشت
پیدا ہوا آبداری گوہر چراغ مین

گل مضمون نہ نکلی فکر رنگین کے گلستان مین
زمین شعر بہی ہی انقلاب چرخ گردان مین

کمر باندہی صبا ہی بند و بست کوئی جانان مین
چمن آرا چمن مین ہی چمن بندی سامان مین

جگر اغیار کا پیش نظر ہی نوک مژگان مین
ہماری دلکو تمنی چہید کر رکہا ہی پیکان مین

قیامت کا اثر دکہلا دیا عشق زلیخا نے
دہا ہیجی مصر مین جو گر پڑے تہی چاہ کنعان مین

جو کوئی برہمن پوچہے گا تو بہی صاف کہدینگے
بتان سنگدل شامل ہین سب خون مسلمان مین

میری ہاتہون پہ دامن پہاڑنیکی صاف تہمت ہے
سہر بیچارے پہنسے ہین روز وحشت سی گریبان مین

اڑا کر نکہت یوسف نسیم مصر لائی ہے
بسی ہی بوئی پیراہن لباس پیر کنعان مین

الہی آفتاب حسن آوی اپنی منزل سے
میری گہر روشنی ہو ظلمت شبہای ہجران مین

تمہاری چشم نے سو دیتے کیا تاثیر دکہلا دی
میری خاک قدم سرمہ ہوئی چشم غزالان مین

ہوا اوس سی بہی آخر لی تعلق خاک مین ملکر
کفن جو رہ گیا تہا کچہہ دنون تک جسم عریان مین

پتہ تک بہی نہ پایا خانہ دل کے سوا اوسکا
پہری شیخ و برہمن مدتون تک حد اسکا مین

شب تاریک وحشت مین ڈرانی ہکو آتی تہی
ہمین تہی خاک ڈالی دیدہ غول بیابان مین

دہان شیشہ ہی سی دعای مغفرت نکلی
جو آیا ذکر یاران گذشتہ بزم رندان مین

تمہارے خندۂ دندان نما فیض بخشی کی
دُرِ مقصد دکہاے آرزو مندون کے دامان مین
ملایا خاک مین عریان تنی کی شرم نے اعظم
جو ہوش آیا تو مین پنہان ہوا ریگ بیابان مین

وہ گل اندام گئی دن سے جو پہلو مین نہین
دل مین وہ خار کہٹکتے ہین کہ قابو مین نہین
ہم اسے بندۂ آزاد ترا کہتے ہین
جو گرفتار تری حلقۂ گیسو مین نہین
اے گل اندام تری نکہت گیسو کے سوا
مشک تو کیا کہ مہک ناف آہو مین نہین
نوح کے ساتہہ ہون اندیشۂ طوفان کیسے
گہر سیل حوادث میرے ٹاپو مین نہین
جب سے اغیار کی جانب ہے طبیعت مائل
دل ہی اپنا میری دلدار کے قابو مین نہین
بہائیون سے جو نہین ہے مجہے امید قوی
یہہ سبب ہی کہ جو طاقت میری بازو مین نہین
کس بلاکش کی ہی منظور گرفتاری دل
کیا سبب ہے کہ جو شانہ تری گیسو مین نہین
سامنے دیکہہ کے کہتے ہین تری آنکہون کو
جو اثر مین بہرا ہی کسی جادو مین نہین
تیری مژگان سے نہین نوک کسی خنجر مین
تیری ابرو کیطرح خم کسی ابرو مین نہین
عیب تو ہین مہ کامل کی تجلے مین کئی
نقص کوئی تری حسن رخ نیکو مین نہین
جو صفائی ہی میرے یار ترے پہلو مین
وہ چمک تو کسی آئینۂ زانو مین نہین
نکہت سنبل فردوس بہری ہے جسمین
باغ دنیا کی ہوا زلف سمن بو مین نہین

ضعف پیری سے کہان فکر سخن کی طاقت
اب طبیعت میری اعظم میرے قابو مین نہین

اوس نے ہاتھو سے نہ چھوئی ہوگی اوس مالک کے پاؤن　　چومنے فرض ہوئے قاصد چالاک کے پاؤن

اوسنے دیا پہ نہاتیکو جو کہو سے گیسو　　عکس نے موج مین اوبہارے تیراک کے پاؤن

سیکنکو کیا پیر چہپاتے ہین بشکل انگور　　محتسب نے مجھے دیکھا ہی بہت تاک کے پاؤن

مجھکو بہجا نہین گئے مشہد مین ملایک نقال　　ہاتھ ہو دینگی فرشتون کی میرے خاک کے پاؤن

کبہی آنکھون سے لگادن کبہی سر پر رکہون　　ہاتھ آدین جو میرے صاحب لولاک کے پاؤن

دوڑتا آئیگا صیاد میرے گہر سے بیٹھے　　بیری اپنے سے لگی ٹہنگنے فتراک کے پاؤن

طی ہوئی تیری حقیقت کی نہ ہرگز منزل　　دوڑتے دوڑتے تہک تہک گئی ادراک کے پاؤن

نازنے اب یہ کہا یا ہی اونہین طرز خرام　　راستہ سے بہی جدا پڑتے ہین بیباک کے پاؤن

پیروی کرکے جو سے آئی جواب خط شوق　　اپنی آنکھون سے ملون قاصد چالاک کے پاؤن

دیکہہ پاتا ہی جو آشوب زمانہ اوسکو　　فتنہ گر چوم لیا کرتے ہین سفاک کے پاؤن

بے ادب تو نے نہ دیا میری صیاد مجہے　　سر مرا بانہ ہو لائق نہین فتراک کے پاؤن

بسکہ گرتے ہین پہنچتے ہین منزل پہ اوسکے　　ورنہ کوسے سی اوتر جاتے ہین چالاک کے پاؤن

خط محبوب جو لاتے ہوئے دیکہا اعظم
دوڑکر چوم لیے قاصد چالاک کے پاؤن

کین ہم نے تمنا سے دل زار کی باتین　　ہر چند وہ کرتے رہی تکرار کی باتین

ابرو ہی کا اپنے وہ کیا کرتے ہین مذکور　　باتین بہی جو کرتے ہین تو تلوار کی باتین

سنتے ہین اگر عذر کوئی کرتا ہی اونسے　　کر لیتے ہین منظور گنہ گار کی باتین

جو جاتے ہین لوگ وہ کہہ دیتے ہین مجکو
خاموش سنا کرتا ہون دو چار کی باتین

تہتو کبہی دروازہ سے باہر نہین نکلی
کس طرح سنین مصر کی بازار کی باتین

سودا وہ کیا جسکی فضیحت مین پڑا ہون
دل بیچکے سنتا ہون خریدار کی باتین

کہتی ہو کہ ہم غیر سے باتین نہین کرتے
وہ یاد کرو رخنۂ دیوار کی باتین

جو جاتے ہین اور کو ہم کرتے تہے ہنس کر
یا آپ سنا کرتے ہین اغیار کی باتین

تقریر سے وا ہی ہوی اقبال کا پہلو
انکار مین وہ کرتے ہین اقرار کی باتین

سننے کا جو مشتاق تہا مین کان لگائے
قاصد نے سنائین مجہے دربار کی باتین

کہتا ہی کہ اللہ خطا بخش ہے اعظم
لکہہ لینے کے قابل ہین گنہگار کی باتین

عیادت کے لیے آویگا جانان آج کل پرسون
اجل میری رہی اگر نگہبان آج کل پرسون

نکلجاویگا کپڑے پہاڑ کر خود دشت وحشت کو
اگر ثابت رہیگا جیب و دامان آجکل پرسون

مراد دل کی ملجانے مین ہی عرصہ کم گذریگا
ہوا ہی چاہتا ہی مجہہ پہ احسان آجکل پرسون

ہوا چلتی ہی ٹہنڈی بادہ نوشون کو مبارک ہو
کہلا ہی چاہتی ہی مغ کی دکان آجکل پرسون

لیے جاتی ہین دیوانہ کو بستی مین جو صحرا سے
یہہ بستی آجاویگا سوی بیابان آجکل پرسون

کہلا ہی چاہتی ہی اب نہین عرصہ گذرنیکا
محبت بوالہوس کے تہہ جانان آجکل پرسون

نہین رہنے کی چوتہی دن نحوست طالع بد کی
رہیگی گردش گردون گردان آجکل پرسون

زیادہ انتظاری کی نہین اب مجہہ مین طاقت ہے
ملی مجہہ بے سر و سامان کو سامان آجکل پرسون

بہت دن تک تو اعظم نے چھپایا تھا محبت کو
کھلا جاتا ہی یہ اسرار پنہان آجکل پرسون

پہنچا سے انقلاب مقدر کہان کہان
دیکھین تو چرخ دیتا ہی چکر کہان کہان

پہنچا زلال رحمت پروردگار مین
پھر پھر کی میری جرم کا دفتر کہان کہان

مانا کہ ایک جا پہ نہین انکو قرار
پر یہ کہو کہ رہتے ہو اکثر کہان کہان

قطعہ

طبقات آسمان و زمین سبکی سیر کی
اکثر گئے ہین پھیر دیکھئے گھر کہان کہان

خیبر کے معرکہ مین عیان ہ زمین ہوئے
کام آئی جبرئیل کے شہپر کہان کہان

صحرا مین خار دلین خلش حسن مین مژہ
ڈہونڈہا ہمارے چہاون نے نشتر کہان کہان

گلین ہے صحرا مین مشک مین عنبر مین عود مین
پہنچی شمیم زلف معنبر کہان کہان

دنیا ہی بی ثبات کی خواہش کیواسطے
دوڑائے دیکھئے دل مضطر کہان کہان

مشکل کشا علی سبکی مدد ہر جگہہ پہ کے
پہنچا سوار دوش پیمبر کہان کہان

جاتی ہوئی جو خبر کے گہر دیکہہ پاین گے
اتنا تو ہم کہین گے کہ دلبر کہان کہان

بحر جہان مین جسم کا پوچھو نہ ہمسے حال
کہاتی ہی اس جہاز نے ٹکر کہان کہان

خط بے کیا جو عاشق خانہ بدوش کا
اڑتا پہرا خراب کبوتر کہان کہان

مجنون بہی روز یاد یہ پہ جاے عشق تہا
پہرتا تہا روز باتن لاغر کہان کہان

اعظم فقط ہمین کو نہین یار کی تلاش
پہرتا ہی آفتاب بہی دن بہر کہان کہان

بزم شراب ناب مین ساقی بن تیرے جو جاتے ہین
تو تلقل مینائی می کی ہم مین سنکی گھبراتے ہین

اندیسہ نہایت کرتی ہین یہہ پیچیدہ بالون والے
دل اونکے الجھاتے ہین جب زلفونکو سلجھاتے ہین

انداز مین خضر راہ ہین وہ اعجاز مین مسیح لاتے ہین وہ
وہ شخص تمہین سے آتی ہین اور ہوش ہم کو لاتے ہین

ہی بعد فنا بھی یہہ تیرے طینت کی صفائی کا فیضان
جو گوہر غلطان خاک مین تیرے چہانتی والے پاتی ہین

یہہ ضعف کا عالم ہی اب تو ہر ایک قدم پر چلنے مین
مشتاق تمہارے گیسو کے زلفونکی طرح بل کہاتے ہین

غوغا قیامت مین ہمکو اوس شکر پیسی کا تہا
سن کان لگا کر آج تیری سودائی شور مچاتی ہین

کچھ اور طرح کا شک ایدل پیچا ہے اونکی جانب سے
وہ غیر ونسی کب ملتے ہین جو ہم سے بہی شرماتے ہین

لاریب تمہارے رتبہ سے کیا نسبت اونکی رتبہ کو
ایک اعظم بہی خداؤن مین ای یار تیری کہلاتے ہین

دل پہنس گیا ہی خال خط و زلف یار مین
